# نشانِ راہ

سہ ماہی خبرنامہ

## ترے بحر کی موجوں میں اضطراب نہیں

سہ ماہی رپورٹ

اپریل 2013 تا جون 2013

جماعت اسلامی ہند

**جماعت اِسلامی ہند، حلقہ مہاراشٹر**



# ملک گیر مہم ”ملک بچاؤ ظلم و ناانصافی، غربت اور غلامی سے“

## 20/ڈسمبر 2013 تا 19 فروری 2014


### سرمایہ دارانہ استعمار (Capitalism Imperialism)

- سرمایہ داروں کی حرص و ہوس
- گمراہ کن معاشی پالیسیاں
- کارپوریٹ گروپس اور ملٹی نیشنل کمپنیوں کی اسیری و غلامی
- ورلڈ بینک، ورلڈ ٹریڈ آرگنائزیشن، آئی ایم ایف شکنجہ
- علاج و معالجہ اب صرف ایک خواب بن گیا ہے
- اچھی اور معیاری تعلیم سے محرومی
- اچھی اور صحت مند غذا تو درکنار بھوک مٹانا بھی تقریباً ناممکن
- غریب عوام اور کسانوں کو حاصل مراعات (Subsidies) کا چھینا جانا



### رشوت اور بدعنوانی

- حکمراں طبقہ اور حزب مخالف دونوں ہی برابر کے شریک
- اربوں، کھربوں کی رقم بطور کمیشن یا رشوت
- ٹو جی اسکیم، کامن ویلتھ اسکینڈل، تابوت اسکینڈل، بوفورس گھپلہ
- ملکی خزانے کی بے تحاشہ لوٹ
- سرکاری آفسوں سے لے کر پولیس تھانوں تک رشوت کا گرم بازار
- غریب جنتا کے لیے بغیر رشوت کے جائز حق کا حصول بھی ناممکن





### فسطائیت اور فرقہ پرستی

- ہر سال سینکڑوں فرقہ وارانہ فسادات اور تشدد
- فسطائی اور فرقہ پرست رجحانات و نظریات کی حامل جماعتوں کی بڑھتی ہوئی طاقت
- سیکولر جماعتوں کا منافقانہ طرز عمل
- فسطائی ذہنیت اور عناصر کا دائرہ سیاست اور ایوانوں سے بڑھ کر طاقتور اداروں میں بھی یہ زہر سرایت کر جانا
- پولیس، انتظامیہ، سرکاری مشنری، میڈیا اور عدلیہ بھی فسطائیت اور فرقہ پرستی سے محفوظ نہیں
- اس زہر کے نتیجے میں اقلیتوں اور کمزور طبقات کو اپنا مادی و معنوی وجود بچانا ہی مشکل ہو گیا ہے

### شہری و انسانی حقوق

- بنیادی شہری حقوق کی پامالی
- اقلیتوں اور کمزور و پس ماندہ طبقات میں پیدا ہونے والا عدم تحفظ کا احساس
- دہشت گردی کے جھوٹے نام پر پولیس اور خفیہ ایجنسیوں کا مسلم نوجوانوں کی زندگیوں سے کھلواڑ
- جھوٹے مقدمات میں پھنسا کر جیلوں میں ٹھونس دیا جانا
- جیلوں میں مسلمانوں کا تناسب اپنی آبادی سے زیادہ
- انسداد دہشت گردی کے قانون UAPA کو مزید وحشی بنا کر پولیس کو جبر و تشدد و ناانصافی کا ایک اور ہتھیار فراہم کرنا
- مسلم تنظیموں کے احتجاجات، ذمہ داران حکومت سے ملاقاتیں اور میمورنڈم کا بے اثر ثابت ہونا



اسی احساس کے تحت جماعت اسلامی ہند نے فیصلہ کیا ہے مذکورہ چاروں بنیادی مسائل کو لے کر ملک گیر مہم ”ملک بچاؤ ظلم و ناانصافی، غریبی اور غلامی سے“
ہم ملک کے باضمیر شہریوں سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ ملک کو بچانے کی اس مہم سے وابستہ ہو کر اس میں اپنا قرار واقعی رول ادا کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# نشانِ راہ

سہ ماہی خبر نامہ

## نقش قرطاس


| | | |
|---|---|---|
| تذکیر | محمد ظفر انصاری | 2 |
| عرض حال | شیخ متین (سکریٹری حلقہ) | 3 |
| امیر حلقہ کے ڈیسک سے | توفیق اسلم خان (امیر حلقہ مہاراشٹر) | 4 |
| دعوت | | 5 |
| اسلامی معاشرہ | | 7 |
| ملی مسائل | | 9 |
| ملکی مسائل | | 12 |
| جالنہ میں آبی قلت اور قحط کے موقع پر وسیع تر خدمات | | 14 |
| عالمی مسائل | | 16 |
| خدمت خلق | | 17 |
| تربیت | | 20 |
| تنظیم | | 21 |
| یوتھ ونگ | | 24 |
| جی آئی او کو تشدد سے جوڑ کر بدنام کرنے کی حکومتی کی سازش | | 25 |
| خواتین | | 28 |
| چلڈرن سرکل | | 30 |
| رابطہ عامہ | | 31 |
| میڈیا سیل | | 32 |
| ادارہ جات، ادارہ ادب اسلامی، مالیات | | 33 |
| ٹرسٹوں کی کارکردگی | | 34 |
| جی.آئی.او. | | 35 |
| APCR | | 37 |
| MSS و MPJ | | 38 |
| اور قافلہ بڑھتا گیا | | 39 |
| رفاقت جو بچھڑ گئی | | 40 |


### سہ ماہی رپورٹ

اپریل 2013 تا جون 2013

صرف نجی سرکولیشن کے لئے

نشانِ راہ میں اشاعت کیلئے سرگرمیوں کی رپورٹ و فوٹوگرافس nishaneraah.jihms@gmail.com پر ای میل کریں۔

**خصوصی نوٹ:** جماعت اسلامی ہند حلقہ مہاراشٹر کے ریاستی دفتر اور ذمہ داران حلقہ کے لیے متعینہ درج ذیل ای میل ہی کا استعمال کریں، کسی دوسرے E-mail ID کا استعمال نہ کریں۔

دفتر حلقہ مہاراشٹر office@jihmaharashtra.org

امیر حلقہ مہاراشٹر، توفیق اسلم خان صاحب president@jihmaharashtra.org

سکریٹری حلقہ مہاراشٹر، شیخ متین صاحب secretary@jihmaharashtra.org

جماعت اسلامی ہند

## جماعت اسلامی ہند، حلقہ مہاراشٹر


4، حامد بلڈنگ، 96، ایچ.اے.بی. مارگ، مومن پورہ، ممبئی 400011

فون نمبر 23082820 فیکس: 23052002

jihmaharashtra.org
office@jihmaharashtra.org.

# تذکیر

## رمضان کے بعد

محمد ظفر انصاری
سیکریٹری شعبۂ تربیت حلقہ مہاراشٹر

رمضان المبارک کا مہینہ رخصت ہوا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

باران رحمت ہر سال پابندی سے برستا ہے۔ زمین کے زرخیز حصے ہلکی پھوار سے ہی لہلہا اٹھتے ہیں۔ اور بنجر و پتھریلے حصوں پر پانی برستا ہے اور بہہ جاتا ہے، زمین کے بعض حصے ایسے بھی ہوتے ہیں جہاں کیچڑ اور دلدل بن جاتا ہے

یہی حال ماہ صیام کا بھی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اب جبکہ رمضان گزر گیا، اپنے اپنے قلب کی کیفیت کا جائزہ لینے کا موقع ہے آیا کہ باران رحمت سے قلب لہلہا اٹھا، ایمان بڑھ گیا، نیکی اور تقویٰ کے کاموں میں اضافہ ہوگیا، گناہوں سے نفرت ہونے لگی تو شکر کیجیے یا اگر رمضان سے پہلے اور بعد کی کیفیت میں کوئی فرق نہیں ہوا، گویا بارش ہوئی اور پانی بہہ گیا تو فکر کرنے کی ضرورت ہے، یہ دل کے پتھر ہوجانے کی علامت ہے اگر بروقت علاج نہ ہوا تو مہر لگ جانے کا اندیشہ ہے۔

رمضان اسلام کے نظام تربیت واصلاح میں ایک اہم تربیت گاہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ انسانوں کی ہدایت ورہنمائی کے لیے اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اسلام کے نظام تربیت میں عبادات اور معاملات کے ذریعے نہ صرف فرد بلکہ معاشرے اور پوری انسانیت کے لیے کرنے کے ایسے کام فرض کیے ہیں جن میں سے ہر ایک اس نظام تربیت کو قوت اور سہارا دیتا ہے۔ روزے کے بارے میں جامع تعریف مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی نے یوں فرمائی ہے ''روزہ آدمی کو تقریباً 720 گھنٹے تک مسلسل اپنے مضبوط ڈسپلن کے شکنجے میں کسے رکھتا ہے تا کہ روزانہ کی معمولی تربیت سے جو اثرات خفیف تھے وہ شدید ہو جائیں۔'' (اسلامی عبادات پر تحقیقی نظر 1977 صفحہ نمبر 67) اس پہلو کو کچھ مختلف الفاظ میں محترم مولانا یوں فرماتے ہیں ''نہ صرف روزہ بلکہ تمام عبادات کی غرض یہی ہے کہ ان کہ ذریعے آدمی کی تربیت کی جائے اور اس کو اس قابل بنا دیا جائے کہ اس کی پوری زندگی اللہ کی عبادت بن جائے۔'' (خطبات) گویا عبادات انسان کے مقصد وجود کے حصول کا ذریعہ ہے۔

وما خلقت الجن والانس الا لیعبد ون (الذاریات 56:81)

میں نے جنوں اور انسانوں کو پیدا اس لیے کیا ہے کہ وہ میری عبادت وبندگی کریں۔

اب اس بات کا جائزہ واحتساب لینے کی ضرورت ہے کی اس یک ماہی تربیت گاہ سے میں نے کتنا استفادہ کیا؟

اگر جواب خدانخواستہ تسلی بخش نہیں تو پھر یہ سوچنا چاہیے کہ جب الٰہی نظام تربیت سے ہم اپنے آپ کو تبدیل نہ کر سکے تو ہمارے تربیتی اجتماعات وتربیت گاہیں ہمیں کیسے تبدیل کر سکیں گی؟

رمضان تقویٰ کا مہینہ تھا۔ لعلکم تتقون ۔تا کہ ہم متقی بن جائیں ۔تقویٰ خوف خدا، پرہیز گاری، اور اطاعت خداوندی کا نام ہے۔ اب ہمارا ایک ایک پل روزے کے قبول یا رد ہونے کی گواہی دے گا۔

رمضان اظہار تشکر کا مہینہ تھا۔ لعلکم تشکرون ۔تا کہ تم اپنے رب کا شکر ادا کرو اس نعمت پر کہ اس نے تم کو قرآن سے جو عطیہ فرقان وہدایت ہے نوازا اور اس مہینے سے اس کا نزول شروع ہوا۔ احتساب کی ضرورت ہے کہ کیا قرآن سے ہمارا تعلق جو رمضان میں تھا، اب بھی قائم ہے؟

رمضان خدا کی کبریائی کے اعلان کا مہینہ تھا. لتکبروا اللہ علیٰ ما ھدٰکم تا کہ تم اس انعام خداوندی سے عطائے ہدایت ربانی پر اللہ کی کبریائی بیان کرو، زبانی شکر و تکبیر کے ساتھ عملی تکبیر یہ ہے کہ خدا کی مرضی وخواہش ہماری مرضی وخواہش کے آگے ہوجائے۔ رب کی مرضی کو آگے رکھنا ہی خدا کی بڑائی کا عملی اظہار ہے۔

رمضان کا مہینہ مغفرت ومعافی کا مہینہ ہے لیکن مغفرت ومعافی ایمان واحتساب کے ساتھ مشروط ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا من صام رمضان ایماناً و احتساباً غفر لہ ما تقدم من ذنبہ. جس نے رمضان کے روزے ایمان اور احتساب کی نیت سے رکھے تو اس کے گذشتہ گناہ بخش دیے گئے۔ (بخاری حدیث 1901 ، مسلم حدیث 175) لہٰذا پورے خلوص اور سنجیدگی سے رمضان سے قبل اور بعد کی زندگی کا جائزہ لیں اگر تبدیلی ہوئی تو شکر کیجیے اور نہیں تو۔۔۔۔۔۔فکر کیجیے۔

# عرضِ حال

''نشانِ راہ'' کے پہلے شمارے میں اس حقیقت کا ذکر کیا جاچکا ہے کہ موجودہ ذرائع ابلاغ نے انسانی افکار و نظریات اور رائے عامہ کو مسخر کر لیا ہے اور پوری دنیا کو Global Village بنا دیا ہے۔ نوبل انعام یافتہ و بین الاقوامی معروف صحافی تھامس فریڈمین نے اپنی کتاب "The World is Flat" میں موجودہ گلوبلائزیشن کا خصوصی ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ''اب دنیا Command & Control دور کی بجائے Convey & Communicate کے اصولوں پر کاربند دور میں داخل ہوگئی ہے۔''

جماعت اسلامی ہند اس ملک عزیز بھارت میں اسلام کی تبلیغ و اشاعت اور اس کے قیام کے لیے برپا کردہ تحریک ہے۔ قیام تا حال ناموافق حالات، مختلف آزمائشوں اور مراحل سے گزرتے ہوئے وہ اپنے مقصد کی طرف فطری رفتار سے گامزن ہے۔ اس نے اپنی متعینہ پالیسی و پروگرام اور ذرائع وطریقہ کار کے مطابق جو کچھ کیا، وہ لائق شکر ہے۔ موجودہ دور کے ہمہ جہتی مسائل کا واحد، منطقی، فطری اور دائمی حل صرف اور صرف ''اسلام'' ہی ہے۔ ملک کو درپیش مسائل سے نکالنے کے لیے اسلام کو ''متبادل نظام حیات'' کی حیثیت سے پیش کرنا اس کی پالیسی کا حصہ ہے اور ظاہر ہے اس کے لیے پالیسی و پروگرام اور ذرائع وطریقہ کار کے ساتھ ساتھ موجودہ ذرائع ابلاغ (الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا) کا بھرپور استعمال ناگزیر ہے۔

خبرنامہ ''نشانِ راہ'' جو آپ کے زیر نظر ہے، دراصل جماعت اسلامی ہند حلقہ مہاراشٹر کی سہ ماہی رپورٹ پر مبنی ہے۔ یہ رپورٹ ریاستی شعبہ جات اور ضلعوں کی رپورٹوں کی بنیاد پر مرتب ہوتی ہے۔ ضلعی رپورٹ، مقامی جماعتوں کی رپورٹ سے ترتیب دی جاتی ہے۔ اسی طرح مقامی رپورٹ، مقامی شعبہ جات اور ارکان و کارکنان کی ماہانہ انفرادی رپورٹ سے تیار ہوتی ہے۔ ارکان و کارکنان، مقامی اور ضلعی ذمہ داران الحمدللہ اپنی اپنی رپورٹیں متعلقہ ذمہ داران کو روانہ کرتے ہیں۔ بعض رفقاء سے لاپرواہی یا تاخیر ہو جاتی ہے اس کی اصلاح ہونی چاہیے۔

بعض واقف و باخبر قارئین کا احساس ہے کہ ''نشانِ راہ'' میں جو رپورٹ شائع ہوتی ہے وہ سرگرمیوں کا صرف 60% ہی ہوتی ہے۔ جبکہ ریاست گیر سطح پر اس سے زیادہ سرگرمیاں انجام دی جاتی ہیں۔ اس احساس میں ہم بھی شریک ہیں۔ ایک جائزہ نشست میں یہ بات علم میں آئی کہ ایک رکن جماعت نے کہا کہ ''شہر میں بڑے پیمانے پر سرگرمیاں تو انجام دی جاری ہیں۔ رپورٹ کی کیا ضرورت ہے؟ اس سے خودنمائی وریا کا احساس ہوتا ہے۔'' اس ضمن میں عرض ہے کہ بلاشبہ ہم خودنمائی اور ریا ہرگز نہیں چاہتے۔ اللہ کا شکر ہے کہ ہم اس سے بچنے کی بھرپور کوشش کرتے ہیں۔ دراصل جماعت اسلامی ہند میں رپورٹ کا جو سسٹم ہے وہ جماعت کی ضرورت و تقاضے کی وجہ سے قائم کیا گیا ہے۔ رپورٹ نہ ہو تو جائزہ واحتساب کس بنیاد پر لیا جائے گا؟ جائزہ اور احتساب نہ ہو تو اصلاح کیسے کی جائے گی؟ رپورٹ نہ ہو تو منصوبہ بندی کس بنیاد پر ہوگی؟ اس ضرورت کے علاوہ رپورٹنگ اور اُس کی اشاعت سے دیگر فوائد بھی حاصل ہوتے ہیں مثلاً وابستگان جماعت، حلقہ اور ذمہ داران حلقہ کی کارکردگی نیز ریاست کے مختلف مقامات کی سرگرمیوں سے واقف ہوتے ہیں جس سے عزم اور قوت عمل میں اضافہ ہوتا ہے۔ ایک مقام دوسرے مقام اور ایک ضلع دوسرے ضلع کی متنوع سرگرمیوں سے ترغیب و رہنمائی حاصل کرتا ہے۔ برادران اسلام، جماعت کے مقصد وطریقہ کار اور مختلف النوع سرگرمیوں سے متعارف و واقف ہوتے ہیں نتیجتاً غلط فہمیوں کا ازالہ ہوتا ہے۔ بعض افراد حسب حال تعاون و پشت پناہی کرنے لگتے ہیں اور بعض سعید و باشعور افراد، جماعت سے وابستگی بھی اختیار کرتے ہیں۔ فوائد کے اعتبار سے تو یہ ایک پہلو ہے۔ دوسرا اہم پہلو یہ ہے کہ رپورٹنگ کی حیثیت تنظیمی، اخلاقی اور شرعی ہے۔ یہ اطاعت امر میں شامل ہے۔ توقع ہے کہ رفقائے جماعت اس پہلو پر غور وتوجہ فرمائیں گے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں تحریکی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ "Convey & Communicate" کرنے پر بھی متوجہ رکھے اور ہماری سرگرمیوں کو تحریک، ملک و ملت کے لیے مفید اور ہم سب کی آخرت کی فلاح کا ذریعہ بنائے۔ آمین

شیخ متین

سکریٹری حلقہ، جماعت اسلامی ہند مہاراشٹر

# ترے بحر کی موجوں میں اضطراب نہیں

تمام انبیا کا مشن اللہ تعالیٰ کی ہدایات سے انسانوں کو آگاہ کرنا تھا۔ اس دعوت سے آشنا افراد کے دائرہ کو وسیع تر کرنا اور اس کے تسلیم کرنے والوں کو منظّم اجتماعیت میں ڈھالنا اس مشن کا کارخاص تھا۔ حضرت آدمؑ سے لے کر نبی آخر الزماں محمد ﷺ تک تمام پیغمبروں نے یہ کام انجام دیا۔ حضرت محمد ﷺ کے برپا کردہ انقلاب کا ایک پہلو تو یہ ھیکہ آپ ﷺ کی تعلیم و تربیت نے گوشت پوست سے بنے انسانوں کو جہالت کے گھٹا ٹوپ اندھیروں سے نکال کر ایک ایسے کردار میں ڈھال دیا کہ انسانی تاریخ میں اس کی نظیر نہیں ملتی۔ اس انقلاب کا ایک پہلو یہ بھی ھیکہ جب ﷺ منصب نبوت پر سرفراز ہوئے تو دعوت حق کے تنہا علمبردار تھے لیکن محض ۲۳ برس کی قلیل مدت میں مخالفتوں کے طوفان اور بے پناہ مشکلات کے باوجود اس دعوت حق کے سائے میں آجانے والوں کی تعداد تقریباً ایک لاکھ چالیس ہزار ہو چکی تھی جو حجتہ الوداع کے موقع پر موجود تھی۔ اپنے رب سے منصب نبوت کی گراں بار ذمہ داری قبول کرنے کے بعد سے آپ ﷺ پر کوئی عرصہ ایسا نہیں گذرا جب پیغام حق کو پھیلانے اور اس کی توسیع و اشاعت کا کام مسلسل آگے نہ بڑھا ہو اور قافلہ حق میں شامل ہونے والے افراد میں مسلسل اضافہ نہ ہوا ہو۔

دعوت حق پر مامور کیے جانے کے بعد سب سے پہلے حضرت خدیجہؓ پھر حضرت ابوبکر صدیقؓ، آپ کے پروردہ غلام حضرت زیدؓ اور حضرت علیؓ اور قریب ترین لوگ حلقہ بگوش اسلام ہوئے۔ اہم بات یہ ھیکہ جس نے دعوت حق کو قبول کیا اس نے مکمل تربیت پالینے کا انتظار نہیں کیا بلکہ جس نور سے ان کے سینے منور ہوئے اُس نور سے فوری دوسرے سینوں کو منور کرنے کی تڑپ نے انھیں مسلمان ہونے کیساتھ ہی داعی بھی بنا کر کھڑا کر دیا۔ چنانچہ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے آپ ﷺ کی دعوت پر لبیک کہنے کیساتھ ہی اپنے حلقہ اثر کے ساتھیوں کو قافلہ حق کا ساتھی بنالینے پر زور لگا دیا اور نہایت جلیل القدر شخصیات حضرت عثمان، حضرت زبیر، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف، حضرت سعد بن وقاص، حضرت طلحہ رضوان اللہ تعالیٰ علیھم اجمعین کو اس مبارک اجتماعیت کا حصہ بنا دیا۔ پھر اس قافلے نے معاشرہ کی مزید عظیم شخصیات کو تحریک اسلامی کی صف میں لا کھڑا کیا۔ قابل غور بات یہ ھیکہ مکہ میں تحریک اسلامی کے حلقہ میں یہ مسلسل توسیع اور اس کی قوت میں یہ اضافہ ان حالات میں ہو رہا تھا جب دعوت کا کام خفیہ انداز میں انجام پا رہا تھا۔ حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ یمن سے آکر مشرف بہ اسلام ہوئے اور واپس وطن لوٹ گئے لیکن کچھ ہی عرصہ بعد دوبارہ مکہ لوٹے تو ان کے ساتھ ۵۰ افراد کا قافلہ تھا جنھیں آپؐ نے اسلامی جمیعت کا فرد بنا دیا تھا۔

غرض کہ مسلمان ہونے کیساتھ ہی اس مبارک جمیعت نے اپنے داعیانہ کردار کا آغاز کر دیا تھا اور تحریک لحہ بہ لحہ معاشرہ سے افرادی قوت، ان کے اوصاف، کردار، اخلاق حسنہ، اور وسائل سمیٹتی رہی۔ یہی وجہ ھیکہ محسن انسانیت ﷺ کی کوہ صفا سے بلند کی گئی صدا نے جو اُس وقت یکا و تنہا آواز تھی، ۲۳ برس بعد لاکھوں پاکیزہ نفوس اور سارے عرب کو مسخر کر لیا۔ آپ ﷺ کا یہ ارشاد کہ امت کی کثرت تعداد آپ ﷺ کیلئے باعث فخر ہوگی، امت مسلمہ کے لیے اور خصوصاً اسلامی تحریکوں کیلئے صاف پیغام رکھتا ھیکہ وہ اپنے قافلہ میں مسلسل اضافہ کرتی رہیں۔ مردم شماری دور جدید کا طریقہ نہیں ہے بلکہ نبی محترم ﷺ کی روایت ہے۔ مدینہ میں آپ ﷺ نے صحابہ کو حکم دیا تھا کہ جتنے لوگ مسلمان ہیں ان کے نام لکھو اس موقع پر پندرہ سو افراد کے نام لکھے گے تھے۔ یہ کوششیں بتاتی ہیں اسلامی تحریک اپنی دعوت کے ماننے والوں کی تعداد اور اس دعوت کی قوت میں مسلسل توسیع اور اضافہ سے غافل نہیں ہوسکتیں۔

اللہ تعالیٰ نے جو گراں بار ذمہ داری اور فریضہ نبی کریم ﷺ کو سونپا تھا اسے جس حسن اور خوبی کیساتھ آپ ﷺ نے ادا فرمایا اس پر حجتہ الوداع میں موجود تمام صحابہ سے گواہی لے لی کہ آپ ﷺ نے اس پیغام کو بے کم و کاست پہنچا دیا۔ آج امت مسلمہ بھی اسی فریضہ اور ذمہ داری پر مامور ہے۔ لیکن امت مسلمہ کی موجودہ تعداد و قوت اور اس پیغام کی توسیع و اشاعت کی رفتار کا تناسب لائق شمار بھی نہیں۔ اس کا سبب اس کے سوا اور کچھ نہیں کہ ہمارا ایمان شعوری نہیں ہے۔ ہمارا ایمان اس نور سے معمور نہیں ہے جو خود ہمارے سینوں کو منور کر کے دوسروں کے سینوں کو اس سے روشن کر دینے کی آب و تاب اپنے اندر رکھے۔ لیکن اس سے زیادہ افسوس اور دکھ کی بات یہ ہیکہ آج اسلامی تحریک کے افراد بھی اسلام کی دعوت اور اپنے نظریہ، نصب العین اور اجتماعیت کی توسیع و اشاعت کے معاملے میں تساہلی کا شکار ہیں۔

جماعت اسلامی ہند کے وابستگان ایمانیات میں شعور اور اسلام کے حقیقی تصور اور اقامت دین کے نصب العین اور اجتماعیت کا جو شعور رکھتے ہیں یہ ان پر اللہ تعالیٰ کی خاص عطاء ہے۔ اب ہم حق کو چھپانے کے گناہ گار ہوں گے اگر ہم اس تصور دین کی اشاعت اور اس قافلہ حق میں توسیع کے لیے کوشاں نہ ہوں۔ اقامت دین کا خواب اسی وقت شرمندہ تعبیر ہوگا جب ہم اس کے فیوض و برکات کی تڑپ خود اسلام کے ماننے والوں اور عام انسانوں میں پیدا نہ کر دیں اور آج تعداد کے لحاظ سے نہایت مختصر قافلہ حق کے افراد کو معاشرے کی ایک غالب تعداد میں نہ بدل دیں۔

یہ تڑپ منحصر ہے اُس اضطراب پر جسے ہمارے اندرون میں پایا جانا چاہیے۔ ہمیں اس کمزوری پر قابو پانے کی ضرورت ہیکہ

ے ترے بحر کی موجوں میں اضطراب نہیں

توفیق اسلم خان
(امیر حلقہ جماعت اسلامی ہند، مہاراشٹر)

# خدا کی ہدایت سے محروم بندگانِ خدا میں کام جماعت کا روز اول سے اہم محاذ

پیغام حق سے کماحقہٗ واقفیت دی گئی

**1041** افراد

ہمہ وقتی دعاۃ (دعوت کا کام کرنے والے)

**3** عدد

انفرادی واجتماعی ملاقات

**13902**

غیر مسلم خاندانوں سے ربط

**416** خاندان

سمپوزیم، خطاب عام، کارنر میٹنگ، قرآن پروچن وغیرہ

**65** پروگرام، استفادہ کنندگان **6115**

پوسٹل لائبریری (اسلام درشن کیندر)

1، استفادہ کنندگان 830

تقسیم قرآن مجید، تقسیم کتب، تقسیم کتابچے، تقسیم فولڈر

3795، 2594، 320، 1443

غیر مسلموں کے لیے دعوتی اجتماعات


33، استفادہ کنندگان 977

## مقامی جماعتوں کا جائزہ :

دوران مدت شعبہ دعوت کے ذمہ داران نے بیڑ، ایوت محل، کولہاپور، سانگلی اور بلڈانہ اضلاع کے مقامات کا دورہ کیا۔ اس موقع پر مقامی جماعتوں کے منصوبے کی روشنی میں دعوت کے تحت کی جانے والی سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا۔ نشستوں میں ارکان وکارکنان بھی شریک تھے۔ مقامات پر حسب حال وحسب ضرورت رہنمائی کی گئی اور بطور خاص انفرادی ربط، اجتماعی ملاقات، وفود کی شکل میں دعوتی کام اور معاون سازی پر زور دیا گیا۔ دوروں کے موقع پر برادران وطن سے ملاقات، اجتماعی کام، خطابات اور سوالات وجوابات کا بھی اہتمام کیا گیا۔

## برادران وطن کی اہم شخصیات سے ملاقات :

سکریٹری شعبہ دعوت اور معاون سکریٹری شعبہ دعوت نے ڈاکٹر بابوراؤ گرو، پانڈورنگ گرو (تاس گاؤں)، ڈاکٹر نندا پاٹل صاحبہ (سانگلی)، سداشیو یادواڑے (میرج)، ڈاکٹر جے ایف پاٹل ماہر معاشیات (کولہاپور)، انیل مہامانے (کولہاپور)، پانڈھرکیوڑا کے صدر بلدیہ نائب صدر بلدیہ محکمہ تعلیم کے ذمہ داران، کونسلرس، لیکچررس، امبہ جوگائی اور پرلی میں مراٹھا سیوا سنگھ، بامسیف اور شیوسینا کے ذمہ داران سے اور جل گاؤں کے ڈاکٹر سنجے کاپڑنیس (میونسپل کمشنر) اسی طرح کھام گاؤں میں گرودیو سیوا منڈل کے 60 تا 70 افراد سے ملاقات کی گئی۔ ملاقات کے موقعوں پر اسلام کا پیغام پیش کیا گیا، قرآن مجید اور لٹریچر بھی فراہم کیا گیا۔



ڈاکٹر جی ایف پاٹل کو قرآن کریم مطالعہ کے لئے پیش کیا گیا

## فیلڈ ورکرس کیمپ :

دوران مدت کھام گاؤں، جل گاؤں، ملکاپور اور بلڈانہ میں مقامی رفقاء پر مشتمل دعوتی کیمپوں کا انعقاد کیا گیا۔ اس کے علاوہ ممبئی اور جالنہ میں GIO کے تحت منعقدہ یک روزہ فیلڈ ورکر کیمپس نیز SIO نارتھ زون کی تربیت گاہ میں سکریٹری شعبہ ودیگر ذمہ داران نے شرکت کر کے دعوتی کام سے متعلق رہنمائی کی۔

## آدیواسیوں میں کام :

ست پڑا کے آدیباسی علاقہ میں ایک فارغ کارکن کے ذریعہ کام جاری ہے۔ ان تین ماہ میں 226 تڑوی پٹھانوں سے انفرادی ملاقاتیں ہوئیں۔ انہیں مسلمان ہونے کا احساس دلایا گیا۔ 21 تڑوی فیملی سے ربط ہے۔ 21 وطنی آدیباسیوں سے ملاقات کی گئی۔ 4 وطنی آدیباسی فیملی سے روابط ہیں۔ 56 افراد کی مدد کی گئی۔ 10 بیماروں کی عیادت علاج معالجہ کا اہتمام کیا گیا۔ 5 افراد کی میت میں شرکت کی گئی۔



سیکریٹری شعبۂ دعوت کی اہم شخصیات سے دعوتی ملاقاتیں اور خطاب



سیکریٹری شعبۂ دعوت ندائے صُفہ (SIO) کیمپ سے خطاب فرماتے ہوئے

## نوواردین سینٹر :

ناگپور میں قائم نوواردین (نومسلموں) کی تربیت گاہ میں اس دوران 05 /افراد زیرتربیت رہے اور 16 /افراد تربیت حاصل کرکے فارغ ہوئے۔ دوران مدت 15 /افراد کو اللہ نے ہدایت سے نوازا، مقامی رفقاء ان کی تربیت کررہے ہیں۔ ریاست کے کچھ اور مقامات پر بھی ان کی تربیت کا اہتمام کیا جارہا ہے۔

## حلقہ کے دعوتی ویب سائٹس :

حلقہ کی جانب سے علیٰحدہ علیٰحدہ دو دعوتی ویب سائٹس کارفرما ہیں۔ اسلام ویژن انگریزی ویب سائٹ پر 3789 اور اسلام درشن ویب سائٹ پر 1281 افراد نے وزٹ کی۔ یہ ویب سائٹ 25620 صفحات پر مشتمل ہیں۔ 222 آرٹیکلز Upload کیے گئے۔ شودھن کے شماروں کو بھی Upload کیا گیا۔

## دورۂ جات :

سکریٹری شعبہ دعوت نے 48 یوم میں 23 مقامات، حبیب خان تڑوی صاحب (فارغ کارکن برائے آدیباسی) نے 74 یوم میں 48 مقامات، ڈاکٹر اکرام خان صاحب نے 12 دن میں 02 مقامات، ڈاکٹر سید رفیق صاحب نے 20 یوم میں 22 مقامات۔ امتیاز شیخ صاحب نے 07 یوم میں 05 مقامات کا دورہ کیا۔ اس طرح بحیثیت مجموعی شعبہ کے ذمہ داران نے 203 یوم فارغ کیے۔

☆ دوران مدت شعبہ کی جانب سے 08 عدد سرکولر جاری کیے گئے۔



ریاست کے مختلف مقامات پر دعوتی بک اسٹالس



ریاست کے مختلف مقامات پر موبائل بک وین

## مسلم معاشرے کو اسلامی خطوط پر ڈھالنے اور افراد کی زندگیوں کو صحیح اسلامی فکر سے آراستہ کرنے کیلئے مختلف ذرائع کا استعمال

- ائمہ وخطباء کی تیاری کے تحت الحمدللہ 15 طلباء کا ایک بیچ فارغ ہو چکا ہے۔ نئے داخلے 15 شوال سے ہونے جا رہے ہیں۔ ناظم جامعہ نواز صدیقی صاحب نے 5/اضلاع کے 40/مقامات کا دورہ کیا۔ انشاءاللہ اس کے نتیجہ میں گزشتہ سال سے زیادہ طلباء کے داخلے متوقع ہیں۔




فارغین جامعہ دارُالسلام مہاراشٹر، جالنہ کا اجلاس




- ریاست میں جملہ 63 ''جماعتی وفود'' نکالے گئے۔ اس موقع پر عمومی ملاقاتیں (برادران وطن میں 2900، برادرانِ ملت میں 1300)، ائمہ مساجد سے ملاقاتیں 240، لٹریچر کی تقسیم (برادران وطن میں 200، برادرانِ ملت میں 1500)، 23 مقامات پر طلباء کی رہنمائی کی گئی جس سے 1725 طلباء نے استفادہ کیا، 3 مقام پر بے روزگار نوجوانوں کی رہنمائی کی گئی (استفادہ 85)، ایک مقام پر میونسپلٹی سے تعاون حاصل کیا گیا، 3/اسکول کی صفائی وغیرہ امور وسرگرمیاں انجام دی گئیں۔ 140/اہم شخصیات سے ملاقاتیں کی گئیں۔

### وابستگان اور مقامی جماعتوں کے ذریعے کی گئی سرگرمیاں:

اسلام کی عائلی تعلیمات سے کماحقہٗ واقفیت

2898 افراد

انفرادی واجتماعی ملاقاتیں

30276

عوامی پروگرام
(کارنر میٹنگ، خطاب عام، ہفتہ واری اجتماع وغیرہ)

2431 ، استفادہ کنندگان 21770

سمپوزیم

6، استفادہ کنندگان 490

خطباتِ جمعہ ونکاح

1041 ، استفادہ کنندگان 130290

تقسیم قرآن مجید، تقسیم کتب، تقسیم کتابچے، تقسیم فولڈر

44، 2210، 1244، 22986

دارالمطالعہ/لائبریریز

28 ، استفادہ کنندگان 3819

اسٹڈی سرکل

40، استفادہ کنندگان 1261

علماء وآئمہ کرام سے ملاقات

678

- ریاستی سطح پر مجلس العلماء کے قیام سے متعلق الحمدللہ علماء کرام سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے۔مقامات پر کام بھی ہورہا ہے۔ارکان کمیٹی شعبہ اسلامی معاشرہ اپنے دوروں کے موقع پر بھی ملاقاتیں کرتے ہیں۔
- سکریٹری شعبہ نے 3 یوم میں 3 مقامات اور کوآرڈینیٹر جماعتی وفود شیخ امتیاز صاحب نے 19 یوم فارغ کیے۔




''تاریخ اسپین اور اُمت مسلمہ'' پر جالنہ میں خصوصی لیکچر





ریاست کے 58 مقامات پر جز وقتی مکتب

# ملی مسائل

**مسلمانوں کی تعلیمی و معاشی پسماندگی کے ازالہ تعلیم ، کریئر و مختلف میدانوں میں جماعت کی عملی جدوجہد**

**ملی مسائل کے حل کے لیے کی گئی سرگرمیاں:**

مرتدین سے روابط

7

قادیانیت کے سدباب کے لیے ملاقات
وکتابچوں اور فولڈرس کی تقسیم

بے روزگاروں کو روزگار

455

مقامی جماعتوں کے تحت زکوٰۃ کا اجتماعی نظم

145

جماعت کی کوششوں سے ملت میں زکوٰۃ کا اجتماعی نظم

13 مقامات

ملی ایشوز پر خطابات عام

9، استفادہ کنندگان: 825

ملی ایشوز پر پریس کانفرنس

1، شریک میڈیا افراد: 30

ملی ایشوز پر پریس ریلیز

17

ٹی وی پروگراموں میں شرکت

2 چینل

دارالقضاء وتصفیہ کمیٹیاں

4 ، استفادہ کنندگان: 108



ریاست کے مختلف مقامات پر نمایاں کامیابی حاصل کرنے طلبہ وطالبات کی تہنیت



اُدوگیر کے فساد پر امیر مقامی کی ضلعی انتظامیہ سے نمائندگی

## تعلیم :

- اساتذہ کے تربیتی کیمپس: اسکالرس انگلش اسکول ممبئی کے اساتذہ کے لیے .P.D ودیگر موضوعات پر ایک 2 روزہ کیمپ کے لیے Motivate کیا گیا۔ اعظم کیمپس میں ٹیچرس کی ٹریننگ کے افراد کو ترغیب دی گئی کہ وہ شرکت کریں۔
- ایجوکیشنل کریئر گائیڈینس سینٹر کے تحت انجام دی گئی سرگرمیاں: SIO اور GIO کے ممبرس پر مشتمل 2 کیمپ اورنگ آباد (14/جون) اور ناندیڑ (13 جون) کو ECGC کے .R.P بنانے کی خاطر منعقد ہوئے جس میں بالترتیب 14/اور 45 طالبات نے شرکت کی۔
- کیمپس سکریٹری **Cordination** میٹنگ: 6/مئی بمقام اردھاپور، SIO کے دونوں کیمپس سکریٹری جناب ڈاکٹر عدنان (نارتھ) اور محمد سلمان (ساؤتھ) سے Cordination کے تعلق سے تفصیلی ملاقات کی گئی اور منصوبہ کی مائیکرو پلاننگ سے واقف کروایا گیا۔
- ایجوکیشنل اینڈ کیریئر گائیڈینس سے متعلق کوششیں:
  - E.C.G.C. کیریئر کونسلرس Orientation ورکشاپ: مستقبل میں کیریئر ماہرین تیار کرنے کے ضمن میں SIO اور GIO کے ممبرس کے لیے ناندیڑ اور اورنگ آباد میں یک روزہ پروگرام رکھا گیا جس میں ناندیڑ میں منعقد کردہ GIO ساؤتھ اور نارتھ کی 45 ممبرس نے شرکت کی۔ یہ پروگرام 13 جون کو رکھا گیا۔
  - E.C.G.C. چارٹ تیار کرنے کے سلسلے میں SIO ساؤتھ اور نارتھ زون کے ساتھ Cordination کیا گیا۔

  دہم اور بارہویں کے کامیاب طلبہ کے لیے آئندہ داخلہ دیگر تفصیلات شعبہ کے معاونین ڈاکٹر عبدالبصیر صاحب، نجم الدین صاحب و دیگر افراد کی مدد سے تقریباً 2 ہزار طلباء کی تعلیمی رہنمائی کی گئی۔
- **Right to Education** : MPJ مہاراشٹر کی جانب سے منعقد کردہ 2 روزہ کانفرنس (8/9/جون 2013) میں شرکت کی گئی اور R.T.E. کے تعلق سے شعبہ کی جانب سے Cadre کی رہنمائی کی گئی۔
- **Award Function** : SIO ناندیڑ کی جانب سے منعقد کردہ ایوارڈ فنکشن بتاریخ 23 جون کو شعبہ تعلیم کی جانب سے شرکت کی گئی اور حاضر طلباء کی تعلیمی رہنمائی کی گئی۔
- صدر مدرسین کی میٹنگ: جماعت کے زیرِ اثر تعلیمی اداروں کی تعلیمی صورتحال کو مزید بہتر بنانے کے لیے 2 مقامات پر صدر مدرسین کی میٹنگ منعقد کی گئی جس میں ناندیڑ میں منعقد کردہ میٹنگ میں 25/مئی کو 9 ہیڈ ماسٹرس نے شرکت کی۔ اسی طرح 6 جون کو منعقد کردہ میٹنگ اورنگ آباد میں 8 صدر مدرسین نے شرکت کی۔ درج بالا دونوں میٹنگ میں آئندہ تعلیمی سال کی منصوبہ بندی کی گئی۔ نیز ادارے کو مزید بہتر بنانے کی Stratagy بھی ترتیب دی گئی۔
- جزوقتی مکاتب کیمپ: شعبہ تعلیم مرکز کی جانب سے آل انڈیا Level پر جزوقتی مکاتب وعصری اداروں میں دینیات پڑھانے والے اساتذہ کی رہنمائی کے لیے منعقد کردہ ورکشاپ 20 تا 24 مئی 2013 بمقام اورنگ آباد میں مہاراشٹر کے 9/افراد کو شریک کروایا گیا۔

  اسکالرس اسکول جوگیشوری میں امسال سے جونیئر کالج شروع ہوا۔ دورانِ مدت شعبہ کی جانب سے 02 عدد خطوط و مراسلے جاری کیے گئے۔
- دوران مدت سکریٹری شعبہ تعلیم نے جملہ 12 یوم فارغ کیے۔




کریئر کونسلنگ پروگرام



کریئر کونسلر اورینٹیشن پروگرام

## اوقاف سیل

- وقف بورڈ کی بعض دفتری کمزوریاں جو بورڈ کے لیے نقصان دہ ہوسکتی ہیں اس کی طرف بورڈ کے CEO کو متوجہ کیا گیا۔
- درگاہ داوٗد مغربی اولیاء کیس کا فیصلہ وقف بورڈ کے حق میں آیا۔ اس فیصلے کے تناظر میں جناب ایڈوکیٹ نثار خان صاحب اور ایڈوکیٹ عطاء غلام مصطفیٰ صاحب سے مشورہ کر کے ہائی کورٹ میں کیویٹ کی کارروائی کی گئی۔ تاکہ مخالفین ہائی کورٹ میں اپیل نہ کر سکیں۔
- پرتور مسجد کی زمین کی لاوٗنی کے لیے اوقاف کے CEO، وزیر اعلیٰ اور نائب وزیر اعلیٰ، وزیر اوقاف، وزیر اقلیتی سیل کو خط لکھے گئے۔
- ناگیشور واڑی اورنگ آباد کی درگاہ اور مسجد کی جگہ پر ناجائز فیصلہ کر کے مکان کی تعمیر کی جارہی ہے۔ اُسے روکنے کے سلسلے میں اسٹڈی کی گئی۔ اسٹے ملنے کے بعد آگے کی کارروائی کریں گے۔
- نلنگا کی عیدگاہ اور جامع مسجد کے 2 کیسیس اور ابّن پیر مسجد پونہ کیس کی پیروی کی جارہی ہے۔
- ناندورہ (ضلع بلڈانہ) اور لاتور کے کچھ افراد جنھیں وقف بورڈ میں مختلف امور انجام دینے تھے، اوقاف سیل کے دفتر تشریف لائے۔ ان کی مدد و رہنمائی کی گئی اور ان کے ساتھ وقف بورڈ اورنگ آباد جا کر اُن کے کام کروائے گئے۔
- اورنگ آباد وقف کی جگہ پر میونسپل کارپوریشن اورنگ آباد نے ایک ایجنسی کو تعمیر کی اجازت دی تھی جب کہ وہ متنازعہ تھی۔ اس اجازت کو منسوخ کرنے کے لیے قانونی چارہ جوئی کی گئی۔
- دوران مدت اوقاف کے مختلف پہلوؤں سے واقفیت و معلومات حاصل کرنے، RTI سے رجوع کرنے اور دیگر معاملات میں محکمہ کو شکایت داخل کرنے کے سلسلے میں اوقاف سیل کے دفتر سے 71 درخواستیں روانہ کی گئی۔






# ملکی مسائل

## اس ملک کے مسائل کی یکسوئی بھی اُمت مسلمه کا اهم فریضه هے

☆ **کرپشن، مہنگائی، شراب کے خلاف بیداری کے سلسلے میں کوششیں:** مہاراشٹر نشہ بندی منڈل کی مجلس عاملہ کی میٹنگ میں شرکت کی گئی۔ سکریٹری شعبہ اس کی مجلس عاملہ کے رکن ہیں۔

☆ **ماحولیات سے متعلق اسلامی تعلیمات کا تعارف وشجر کاری:** SMS کے ذریعے رفقاء کو متوجہ کیا گیا کہ وہ 5 رجون کو عالمی یوم ماحولیات کے موقع پر سرگرمیاں انجام دیں چنانچہ اس موقع پر بعض مقامات پر شجر کاری کی گئی۔ میرا روڈ میں جلسہ عام اور اسکول کے بچوں کی ریلی کے ذریعہ عوام بیداری کا پروگرام کیا گیا۔ مالونی کالونی میں شجر کاری اور جلسہ عام ہوئے۔ دونوں مقامات پر میونسپلٹی کا تعاون رہا۔ راویر میں شجر کاری کی گئی۔




ممبئی میٹرو جماعت کی جانب سے شجر کاری

☆ **GIO معاملہ:** گزشتہ سہ ماہی میں پولس سرکولر کی سامنا میں اشاعت کے بعد پولس اور اخبار کے ذمہ داروں سے ملاقاتیں کی گئی تھیں۔ اس ماہ میں دہلی میں ایڈوکیٹ محمود پراچہ صاحب سے مشورہ کیا گیا۔ ممبئی کے بعض عمائدین اور مرکز جماعت سے مشورہ کیا گیا۔ بریگیڈیئر سدھیر ساونت کے ساتھ جماعت کے ایک وفد نے ممبئی پولس کمشنر شری ستیہ پال سنگھ سے ملاقات کرکے انہیں صورتحال سے آگاہی حاصل کرنے کہا گیا۔ انہیں جماعت کا پالیسی و پروگرام دیا گیا۔ ان شاء اللہ آئندہ ماہ (جولائی) میں وکلاء کے مشورے سے آئندہ اقدامات کیے جائیں گے۔

☆ **ریاستی دہشت گردی مخالف کوشش:** تہلکہ رسالے کے صحافی آشیش کھیتان نے ATS اور دیگر خفیہ تنظیموں کے ذریعے حقائق کو چھپا کر مسلم نوجوانوں کے خلاف عدالتوں میں جھوٹے کیس بنانے کا پردہ فاش کیا۔ انہوں نے دستاویزی ثبوت ایک جلسے اور پریس کانفرنس میں پیش کیے۔ ایڈوکیٹ یوسف مچھالہ اور APCR مہاراشٹر کے مشورے سے آشیش کھیتان کو ہر قسم کے تعاون کی پیشکش کی گئی۔ دہشت گردی کے الزام میں گرفتار ایک قیدی عبدالوحید کی اہلیہ اور بچوں کو اسلامی تربیتی کتب خدمت خلق کے تعاون سے بھجوائی گئیں۔ موصوف کو تسلی آمیز خط بھی لکھا گیا۔




معروف صحافی آشیش کھیتان کی ڈاکومینٹری کا شو

☆ سانگلی میونسپل کارپوریشن انتخابات میں ووٹروں کی رہنمائی کی گئی۔

☆ ممبئی ریجنل کانگریس کمیٹی کے صدر پروفیسر جناردن چاندولکر نے مولانا ظہیر عباس رضوی (نائب صدر) اور نظام الدین راعین اور دیگر کے ساتھ دفتر حلقہ پر آکر حلقے اور ممبئی میٹرو کے ذمہ داروں سے ملاقات کی اور مسائل جاننے چاہے۔ انہیں تفصیل سے مسائل گنوائے گئے اور کانگریس کی مجرمانہ چشم پوشی پر بھی گرفت کی گئی۔ انہوں نے آئندہ کام کرنے کا وعدہ کیا۔



ممبئی ریجنل کانگریس کمیٹی کے صدر کے ساتھ دفتر حلقہ میں نشست

☆ انٹرنیٹ اور فیس بک پر اللہ، رسول ﷺ، اسلام اور مسلمانوں کے خلاف اشتعال انگیز مواد پر پابندی لگانے کے لیے ممبئی کے بعض مسلم تنظیموں کے ساتھ ایڈیشن پولس کمشنر برائے سماجی جرائم سے مل کر میمورنڈم دیا گیا۔



فیس بک پر اہانت اسلام کے خلاف ممبئی میں میمورنڈم



لاتور میں زنا بالجبر کے خلاف انتظامیہ سے نمائندگی

☆ شعبہ ملکی و عالمی مسائل کمیٹی کا ایک اجلاس برائے منصوبہ بندی ''ملک بچاؤ مہم'' ہوا۔

☆ APCR کی میٹنگ میں شرکت کی گئی۔

☆ ایڈوکیٹ مہر دیسائی سے ملاقات کر کے ممبئی پولس کو دفتر حلقہ سے اسرائیل مخالف بینر اتارے جانے کے خلاف ایک اور نوٹس بھجوایا گیا۔ پولس نے ابھی تک کوئی جواب نہیں دیا۔ طے کیا گیا کہ اب پولس کے خلاف عدالت میں پٹیشن دائر کی جائے گی۔

133 افراد کی قانونی مدد و رہنمائی کی گئی۔

**دورے:**

☆ سکریٹری ملکی و عالمی مسائل نے دوران مدت 20 یوم بیرون ممبئی اور 69 یوم دفتر ممبئی میں سرگرمیاں انجام دیں۔

☆ دورانِ مدت شعبہ کی جانب سے 500 عدد SMS کیے گئے۔

# جماعت اسلامی ہند جالنہ کی قابل ذکر سرگرمی

شہر جالنہ پانی کی شدید قلت کے باعث پوری ریاست میں موضوع بحث بنا ہوا تھا کہ حکومت نے وقت رہتے ہوئے پانی کی فراہمی پر ٹھوس اقدامات نہیں کئے۔ جماعت اسلامی ہند جالنہ نے اس اہم ایشو کو take up کرنے کا فیصلہ کیا۔ پانی کی قلت کو دور کرنے کے لیے ٹھوس اقدامات کرنے کے لیے ایک طرف حکومت پر دباؤ بنایا گیا تو دوسری طرف جماعت نے اپنے محدود وسائل کے باوجود شہریان جالنہ کی پیاس بجھانے کی حتی المقدور کوشش کی۔ الحمدللہ جماعت کے وفد نے کلکٹر سے ملاقات کی اور ڈپٹی کلکٹر کو خالصتاً پانی فراہمی کی موثر منصوبہ بندی کے لیے appoint کرنے کا مطالبہ کیا۔ جسے کلکٹر نے قبول کرتے ہوئے Deputy Collecter راجندر گرو کو پانی فراہمی کا ذمہ دار بنایا وہیں دوسری طرف جماعت نے قلت والے محلوں کا سروے کر کے دس محلوں میں مفت پانی فراہمی کا منصوبہ بنایا اور تین ماہ میں 135 ٹینکرس پانی ان محلوں میں انتہائی نظم وضبط کے ساتھ فراہم کیا۔ جسے نہ صرف شہریان جالنہ نے سراہا بلکہ ریاست مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ پرتھوی راج چوہان نے جماعت کا ایک بڑے جلسے میں استقبال کیا۔ اس موقعے پر امیر مقامی جالنہ نے وزیراعلیٰ پرتھوی راج چوہان کو قرآن مجید تحفتاً دیا۔ اسکے علاوہ جالنہ شہر سے قریب ایک دیہات اسلام باڑی کے سرپنچ اور گاؤں کے دیگر ذمہ داران نے جماعت کے دفتر پر آ کر مطالبہ کیا کہ انکے دیہات میں بھی جماعت پانی فراہمی کرے۔ جماعت نے انکے اس مطالبہ کو سامنے رکھکر دیہات اسلام باڑی کا سروے کیا حالات انتہائی دگرگوں تھے پانی کی شدید قلت تھی جماعت نے اپنی جانب سے پانی کا نظم کیا اور ساتھ ہی تحصیل دار اور ڈپٹی کلکٹر سے موثر نمائندگی کر کے روزانہ 12000 لیٹر پانی فراہم کروا کر دیہات اسلام باڑی میں پانی کا مسئلہ حل کیا۔

پانی کے مسئلے کو مستقل حل کرنے کے لیے جماعت اسلامی جالنہ، MPJ ,IRW, Youth wing نے مشترکہ طور پر نظام کی حکومت کے بنائے ہوئے گھانے واڑی تالاب کی صفائی جالنہ کی ایک NGO کے ساتھ ملکر مسلسل تین دنوں تک 169 افراد نے صفائی کا کام انجام دیا۔

جالنہ کو جائکواڑی Damp سے جوڑنے کے لیے MLA جالنہ کی جانب سے کیے گئے دھرنا آندولن میں شرکت کی۔ جماعت نے پانی فراہمی پر -/10300 روپئے خرچ کیے مقامی شعبہ خدمت خلق کے پانچ افراد نے تقریباً تین ماہ رضا کارانہ طور پر اپنا وقت فارغ کیا۔





تالاب کی صفائی



پانی کے مسئلہ پر کلکٹر، کمشنر، تحصیلدار، کے ساتھ نشست



شہر جالنہ میں روزانہ 12 ہزار لیٹر پانی کی سربراہی









جالنہ میں آبی قلت اور قحط کے موقع پر جماعت اسلامی ہند جالنہ کی وسیع تر خدمات

## ہم عالمی اُمت ہے جسے ملکوں میں بانٹا نہیں جاسکتا

☆ 15رمئی 2013ء کو حلقہ میں اسرائیل مخالف دن منایا گیا۔ مقامی جماعتوں نے ذمہ داران حکومت کو میمورنڈم دیے۔ ممبئی میں ایک پریس کانفرنس ہوئی۔ اُردو پریس نے مناسب کوریج دیا۔ ETV اُردو اور سحر TV ایران نے مختصر انٹرویو لیا۔

☆ بنگلہ دیش جماعت اسلامی کی حمایت میں صدر مملکت اور بنگلہ دیشی سفیر کو میمورنڈم دیے گئے۔ نیز ایک مضمون ماہنامہ رفیق منزل میں شائع کرایا گیا۔ اس مضمون کا انگریزی ورژن وردھا کے امین اجانی نے مختلف سیکولر افراد اور جماعتوں کو Forward کیا۔ جس کے بہتر نتائج نکلے۔ دہلی کے انیل چمڑیا اور دیگر نے کہا کہ یہ تمام باتیں ہمیں معلوم ہی نہیں تھیں۔




اسرائیل مخالف دن کے موقع پر پریس کانفرنس



ناندیڑ میں اسرائیل مخالف دن کے موقع پر ضلعی انتظامیہ سے نمائندگی

### عالمی مسائل کے ضمن میں دیگر سرگرمیاں:

عالمی ایشوز پر عوامی پروگرام

3 ، تعداد شرکاء 1227

عالمی ایشوز پر پریس کانفرنس

1

عالمی ایشوز پر احتجاجی پروگرام

16 ، تعداد شرکاء 14500

تقسیم لٹریچر و CDs وغیرہ

210



# خدمتِ خلق

## بِلا لحاظ مذہب و ملت محتاجوں اور ضرورت مندوں کی خدمت جماعت اِسلامی کی شناخت ھے

### وابستگان اور مقامی جماعتوں کے ذریعے کی گئی سرگرمیاں:

سرکاری وغیر سرکاری اسکیموں سے واقفیت استفادہ کنندگان

246

سرکاری وغیر سرکاری اسکیموں سے استفادہ کنندگان

5266

وقتی امداد

236 افراد

مستقل وظائف

277 افراد

مستقل روزگار

30 افراد

طبی امداد

356 افراد

تعلیمی امداد

93 افراد

تعمیر مکان میں امداد

23 خاندان

شادی کے موقع پر امداد

47 افراد

ڈسپنسری/کلینک

11 ،استفادہ کنندگان 35274

طبی کیمپ

5 ، استفادہ کنندگان 825

بلڈ ڈونیشن کیمپ

9 ، استفادہ کنندگان 265

بلاسودی سوسائٹی

8 ، استفادہ کنندگان 395

سلائی سینٹر

3 ، استفادہ کنندگان 75






اتراکھنڈ میں قدرتی آفات سے متاثرین کیلئے جماعت اسلامی ہند پونہ کی ریلیف

## میڈیکل گائیڈنس سینٹر:

دفتر حلقہ میڈیکل گائیڈنس سینٹر سے اس سہ ماہ میں 851 مریضوں کی رہنمائی کی گئی۔ 82 مریضوں کے بائی پاس آپریشن، کینسر، کڈنی وغیرہ کے لیے -/18,55,500 روپے حکومتی اسکیم ودیگر اداروں سے فراہم کرکے مکمل علاج کروایا گیا۔ جے جے، نائر، سائن اور بامبے ہاسپٹلس میں 1053 مریضوں کی عیادت کی گئی۔ دفتر حلقہ سے مریضوں کو بطور فوری طبی امداد -/219018 روپے دیئے گئے۔

دفتر حلقہ سے 28 طلباء وطالبات کو -/43520 روپے تعلیمی امداد دی گئی۔

## سہولت مائیکرو فائنانس:

سہولت مائیکرو فائنانس کی نگرانی میں ''یونٹی'' کے رجسٹریشن کی کوششیں جاری ہیں۔ رجسٹریشن کے بعد انشاءاللہ شاخوں کا قیام کیا جائے گا۔






ریاست کے مختلف مقامات پر نادار طلبہ کو مفت کاپیوں کی تقسیم

## اسکالرشپس کیلئے حکومتی سہولتوں کو عام کرنے اور سود کی آمیزش کو ختم کرنے سے متعلق کوششیں:

حکومتی اسکالرشپ کی معلومات اسکولوں وکالجس کے آغاز سے پہلے Email کیے گئے۔ اسکیمات سے سود کی آمیزش ختم ہوسکے لیے متعلقہ افسران سے ملاقات کی۔ ضلع وریاستی سطح پر کوششیں کی جائے گی۔

## میڈیکل وین:

میڈیکل وین کے لیے جل گاؤں ضلع میں آدیباسی علاقہ جانوری، بیاول، چوپڑا اور نندوربار ضلع میں شہادہ، شیرپور کا سروے کیا گیا۔

## مکانات کی تعمیر و درستی:

مقامی جماعتیں اپنے طور پر مستحق افراد کے مکانوں کی تعمیر ودرستی کے کام انجام دیتی ہیں۔ مقامات کو اس ضمن میں حکومتی اسکیمات سے واقف کروایا جائے گا۔





برسات کے آغاز پر ریاست کے مختلف مقامات پر ضرورت مند افراد کے گھروں پر برساتی باندھی گئی

## چیریٹیبل ڈسپنسریز :

ریاست کے 11 مقامات پر ڈسپنسریز قائم ہیں۔منصوبہ کے تحت طے شدہ دیگر مقامات پر دورے کے موقع سے قیام کے سلسلے میں رہنمائی وتوجہ کی جائے گی۔





ریاست کے ۱۱ مقامات پر ڈسپنسری رکلینک

## آئیڈیل ریلیف ونگ :

آئیڈیل ریلیف ونگ کے تحت فی الحال 150 والنٹیرس تیار ہیں۔نئے ممبران کے اضافے کے سلسلے میں مقامات کو متوجہ کیا جائے گا۔





## دورے ، ایام فراغت و خطوط

اس سہ ماہ میں معاون سکریٹری شعبہ خدمت خلق نے 14 رایام میں 12 مقامات کے دورے کیے۔بقیہ وقت دفتر میں رہ کر کاموں کو منظّم کیا۔

ممبئی، پونہ، اورنگ آباد اور ناگپور میں قائم میڈیکل گائیڈینس سینٹرس کے 6 ہمہ وقتی فارغ میڈیکل فیلڈ ورکرس نے 256 یوم مریضوں کی رہنمائی ومدد کے لیے فارغ کیے۔

دوران مدت شعبہ کی جانب سے 3 عدد خطوط ومراسلے اور ایک عدد سرکولر جاری کیے گئے۔



# تربیت

## نفوس کے تزکیہ کے بغیر اسلامی انقلاب کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا

حلقہ کی تربیت گاہ میں تربیتی امور فی الحال منقطع ہیں اس کے نظام اور نصاب پر نظر ثانی کی جارہی ہے۔ اس کی آخری شکل دینے کے بعد دوبارہ اسے بحال کیا جائے گا۔


### دورے و خطوط :

سکریٹری شعبہ (ظفر انصاری صاحب) نے 30 / ایام میں 13 مقامات کا دورہ کیا۔ اس طرح جملہ 56 یوم فارغ کیے۔

دوران مدت شعبہ کی جانب سے 01 عدد سرکولر جاری کیا گیا۔




نذر محمد مدعو صاحب (سابق امیر حلقہ مہاراشٹر) کا ناندیڑ میں تطہیر قلب کے اجتماع سے خطاب



ممبئی میٹرو کی جانب سے تزکیہ کیمپ



### مقامی جماعتوں اور ضلعی سطحوں پر کی گئی سرگرمیاں :

تزکیہ کیمپ مقامی سطح پر

196 ، استفادہ کنندگان 1331

ضلعی سطح پر تربیتی اجتماعات

6 ، استفادہ کنندگان 1049

تزکیہ کیمپ ضلعی سطح پر

6 ، استفادہ کنندگان 1650

خصوصی تربیتی ملاقاتیں بذریعہ ناظم ضلع/علاقہ

266

عام تربیتی اجتماعات و ورکشاپس

13، استفادہ کنندگان 697

# تنظیم

**اجتماعیت کا استحکام اور اس کے منظم قوت بن جانے کا انحصار**
**اس کے داخلی نظم و ضبط اور اصول کی پاسداری پر ھے**

## موجودہ افرادی و تنظیمی قوت :

### افرادی قوت:

| نمبرشمار | نوعیت | ارکان | کارکنان |
|---|---|---|---|
| 1 | مرد | 912 | 6570 |
| 2 | خواتین | 153 | 1852 |
| | جملہ | **1065** | **8422** |

### تنظیمی پوزیشن:

جماعتیں

98

حلقہ کارکنان مرد

95

حلقہ کارکنان خواتین

145

حلقہ متفقین مرد

157

اضلاع جملہ: 34، مستحکم تحریکی کام: 22 اضلاع میں،

کمزور کام: 7 اضلاع میں، ابتدائی شکل میں کام: 5 اضلاع میں

تعداد نظمائے ضلع: 20، معاونین: 5، تعداد نظمائے علاقہ: 3 = جملہ 28

ناظمات ضلع: 16 ، معاونین: 3 = جملہ 19

## ضلعی سطح پر اہم سرگرمیاں :

ضلعی و علاقائی سطح پر

11 تنظیمی اجتماعات کا اہتمام، تعداد شرکاء 2805

ناظم ضلع/ علاقہ کی نگرانی میں احتسابی نشستیں

38 ، تعداد شرکاء 182


## اجلاس شوریٰ :

دوران مدت مجلس شوریٰ حلقہ مہاراشٹر کا سالانہ اجلاس مورخہ 21 تا 24/اپریل 2013 کو ممبرا میں منعقد کیا گیا۔ اس اجلاس میں بطور خاص حلقہ کی سالانہ کارکردگی کی رپورٹ، سالانہ بجٹ کا تعین اور بعض تقررات زیر غور آئے۔ مرکز سے توثیق کے بعد فیصلوں کا نفاذ کیا گیا۔



## امیر حلقہ اور سکریٹری حلقہ کی خصوصی میٹنگوں میں شرکت :





تھانہ ضلعی تنظیمی اجتماع منعقدہ 27/ 28/اپریل 2013 بمقام پڑگہ میں امیر حلقہ کی شرکت

امراء حلقہ جات وسکریٹریز حلقہ جات کے سہ روزہ تنظیمی اجتماع منعقدہ 25 تا 27 مئی 2013 بمقام مرکز جماعت دہلی میں امیر حلقہ وسکریٹری حلقہ کی شرکت۔

SIO اسکول نارتھ زون منعقدہ 30 مئی 2013 بمقام ناگپور میں امیر حلقہ کی شرکت۔

جی آئی او ساؤتھ زون LPs، DOs کیمپ منعقدہ 1/2/جون 2013 بمقام اورنگ آباد میں امیر حلقہ و سکریٹری حلقہ کی شرکت۔

بلڈانہ ضلعی اجتماع منعقدہ 8/9/جون 2013 بمقام چکھلی میں امیر حلقہ کی شرکت۔


SIO نارتھ کے ریجنل تزکیہ کیمپ منعقدہ 10/جون 2013 بمقام بلڈانہ میں امیر حلقہ کی شرکت۔

## امیر حلقہ کے خصوصی دورے :

وابستگان اور مقامی جماعتوں کے قابل اصلاح پہلوؤں پر بلاتاخیر توجہ دینے اور داخلی استحکام کے لیے مناسب تدابیر اختیار کرنے کے سلسلے میں ہر مقام پر امیر حلقہ و سکریٹری حلقہ کے دورے متعین ہیں۔ چنانچہ دوران مدت محترم امیر حلقہ نے اندھیری جوگیشوری، میرا روڈ، مالونی اور سانتا کروز کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ارکان و کارکنان کی نشستیں، خواتین وSIO کے ساتھ نشستیں، انفرادی ملاقات و جائزہ، عمائدین شہر کے ساتھ نشستیں، خطابات عام، غیر مسلموں کے ساتھ نشستیں وغیرہ سرگرمیاں انجام پائیں۔

## مقامی ، ضلعی اور حلقہ کے ذمہ داران کا ورکشاپ :

جماعت اسلامی ہند حلقہ مہاراشٹر کے میقاتی منصوبہ کے مطابق امراء مقامی ونظماء حلقہ کارکنان، مقامی و ضلعی ناظمات، نظماء ضلع وعلاقہ ومعاونین، سکریٹری شعبہ جات ومعاونین پر مشتمل سہ روزہ تنظیمی ورکشاپ مورخہ 3/4/5رمئی 2013ء بمقام **دھولیہ** منعقد کیا گیا۔ تین روزہ ورکشاپ کی کارروائی دوطرفہ رہی۔ یعنی گفتگوؤں میں تمام شرکاء کو زیادہ سے زیادہ شامل کیا گیا۔ اس ورکشاپ میں ذمہ داران حلقہ کے علاوہ بطور خاص نائب امیر جماعت محترم محمد جعفر صاحب اور قیم جماعت محترم نصرت علی صاحب سے بھرپور استفادہ کیا گیا۔ اس ورکشاپ میں امراء مقامی/نمائندے 86، نظماء حلقہ کارکنان 34، نظماء ضلع وعلاقہ ومعاونین 24، ارکان شوریٰ وسکریٹری شعبہ جات 24 اور مدعوئین خصوصی 20 اس طرح بحیثیت مجموعی 188 ذمہ داران شریک رہے۔



ریاستی سطح کے سہ روزہ تنظیمی ورکشاپ میں مرکزی ذمہ داران کی شرکت



## سہ ماہی خبرنامہ کا اجراء :

دوران مدت حلقہ کی سرگرمیوں و دیگر امور پر مبنی سہ ماہی خبرنامہ ''نشانِ راہ'' کے دوسرے شمارے کی (1000 کی تعداد میں) طباعت و اجراء عمل میں آئے۔




امیر جماعت کے ہاتھوں **نشانِ راہ** کا اجراء

سیاہ رات کے دل میں اُتر گئے ، ہم لوگ
نشانِ راہ بنے اور گزر گئے ہم لوگ
انتظار نعیم

## حلقہ کے بیت المال کا آڈٹ :

مرکزی مشیر مالیات جناب ڈاکٹر وقار انور صاحب نے حلقہ مہاراشٹر کے بیت المال کا جائزہ مورخہ 30 اپریل و یکم مئی 2013ء کو لیا۔ اور اپنے ریمارکس کے ذریعے نقد و رہنمائی فرمائی۔

## دفتر حلقہ :

- ہر ہفتہ بروز منگل صبح 09:00 تا 10:00 وابستگان دفتر حلقہ، IMPT اور شودھن ٹرسٹ کے اسٹاف پر مشتمل ہفتہ واری اجتماعات کا اہتمام کیا گیا۔
- دوران مدت یعنی ان تین ماہ میں دفتر حلقہ سے 177 عدد مراسلات اور 02 عدد سرکلرس کا اجراء عمل میں آیا۔
- جامعۃ المومنات کی رہائش عمارت پر شیڈ تعمیر کرنے کے لیے میونسپلٹی وارڈ آفس میں کم از کم 6 بار ملاقاتیں کی گئیں۔ 2 بار انجینئروں کو عمارت کا معائنہ کروایا گیا۔ مقامی کارپوریٹر سے بھی ملاقات کر کے تعاون حاصل کرنے کی کوشش کی گئی۔ الحمدللہ شیڈ کی تعمیر ہوئی۔

## امیر حلقہ، معاونین امیر حلقہ و سکریٹریز کی مصروفیات اور یوم فراغت:

درج ذیل جدول کے مطابق دورانِ مدت محترم امیر حلقہ، معاونین امیر حلقہ اور سکریٹری حضرات نے وقت فارغ کیا:

| نمبر شمار | ذمہ داران | دفتر حلقہ کیلئے | دورے اور اجلاس وغیرہ کیلئے | جملہ فارغ ایام |
|---|---|---|---|---|
| 1 | توفیق اسلم خان صاحب (امیر حلقہ) | 18 | 36 | 54 |
| 2 | رضوان الرحمٰن خان صاحب (معاون امیر حلقہ) | | | |
| 3 | شیخ متین (سکریٹری حلقہ) | 44 | 29 | 73 |
| 4 | مولانا غلام رفیق احمد صاحب (جوائنٹ سکریٹری) | 36 | 10 | 46 |

| ممبران |
|---|
| 4200 |

| شاخیں |
|---|
| 120 |

| اضلاع میں کام |
|---|
| 15 |

| ممبران کی خصوصی نشستیں واجتماعات مقامی سطح پر |
|---|
| 40 ، شرکاءاندازاً 1000 |

## اهم سرگرمیاں :

- مقامی سطح پر ہفتہ صلوٰۃ اور روزگار رہنمائی کے لیے پروگرام کا اہتمام کیا گیا۔
- یوتھ ونگ کے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹرز نے اپنے اپنے اضلاع میں دورے کیے۔
- پربھنی شہر میں ''درخت لگاؤ مہم'' کا اہتمام کیا گیا۔
- مختلف مقامات پر آسام ریلیف وصولی کے سلسلے میں مقامی جماعتوں کا تعاون کیا گیا۔
- روزگار کے سلسلے میں پربھنی اور اورنگ آباد میں جاب چیمبر کا اہتمام جاری ہے۔
اورنگ آباد شہر میں 120 نوجوانوں کو IB اور ESI کورسیس کے لیے رہنمائی کی گئی۔
- سیلو شہر میں صفائی کے سلسلے میں حکومتی ذمہ داران کو میمورنڈم دیا گیا۔
- اسٹیٹ کوآرڈینیٹر یوتھ ونگ نے دوران مدت 13 یوم میں 12 مقامات کا دورہ کیا اور کُل 74 یوم فارغ کیے۔




یوتھ ونگ پربھنی کی جانب سے شجرکاری

# GIO کوتشدد سے جوڑ کر بدنام کرنے کی حکومتی سازش

## جماعت نے سخت نوٹس لیا

30/مارچ 2013 کو مراٹھی روزنامہ ''سامنا'' میں بندوق بردار خواتین کی فوٹو کے ساتھ خبر شائع ہوئی کہ ''گرلز اسلامک آرگنائزیشن (GIO) نامی تنظیم جماعت اسلامی کی ذیلی تنظیم ہے، جس کا قیام کیرالا میں ہوا ہے۔ اس کا مقصد ہے کہ خواتین زیادہ سے زیادہ قرآن وحدیث کی تعلیم حاصل کریں۔ اہم مقاصد اسکول وکالجز میں زیادہ سے زیادہ لڑکیوں کو سخت اسلامی نظریات سے متاثر کر کے جہاد کے لیے تیار کرنا، مذہب کی تبلیغ واشاعت کے ذریعہ دنیا کا اسلامی کرن کرنا۔''

یہ خبر مسلمانوں کے لیے ایک اور امتحان ہے کیونکہ اب تک تو صرف اعلیٰ تعلیم یافتہ باکردار بلند اخلاق نوجوان ہی ملکی خفیہ ایجنسیوں کے نشانے پر تھے لیکن اس سرکولر سے یہ بھی سامنے آیا کہ اعلیٰ تعلیم یافتہ مسلم بچیاں جو کردار اور اخلاق سے وطنی بہنوں کو متاثر کر کے اسلام کی تبلیغ کا بیش بہا کام انجام دینے کی پوزیشن میں آگے بڑھ رہی ہیں ان کو شک کے گھیرے میں لا کر ان کے اصل میدان اسلام کی دعوت وتبلیغ سے ہٹا دیں جس کی وطن عزیز کو بڑی سخت ضرورت ہے۔ کیونکہ یہ ملک بڑی تیزی کے ساتھ اخلاقی دیوالیہ پن کا شکار ہوتا جا رہا ہے۔



६) गर्ल्स इस्लामिक ऑर्गनायझेशन (GIO)

ही संघटना जमात-ए-इस्लामी ची उप संघटना असून, केरळ राज्यात स्थापना झालेली आहे. महिलांनी जास्तीत जास्त इस्लाम धर्मातील 'कुराण' व 'हदीस' प्रमाणे आचरण करावे हा उद्देश आहे.

प्रमुख उद्देश - शाळा कॉलेजमध्ये जास्तीतजास्त तरुणींना कट्टर इस्लाम विचाराने प्रेरीत करुन जिहादसाठी तयार करणे, धर्माचा प्रसार व प्रचाराद्वारे जगाचे इस्लामीकरण करणे हा आहे.

श्रीमती सालेहा बाजी या महाराष्ट्रातील प्रमुख आहेत.

श्रीमती सुमय्या- मुस्लीम तरुणींना जिहादसाठी तयार करण्याचे काम करत आहे.

**Girls Islamic Organisation under scanner of Mumbai Police Intel**



Daily Saamana Mumbai Marathi News Paper - Mozilla Firefox

www.saamana.com

सामना

मराठी माणसाचे स्वतःचे वृत्तपत्र.

संस्थापक संपादक : बाळ ठाकरे

सावधान! देशाला आता महिला अतिरेक्यांचा धोका

गर्ल्स इस्लामिक ऑर्गनायझेशन तयार करतेय जिहादी

आशीष बनसोडे

मुंबई, दि. २९ - देशभरात अतिरेक्यांचा नंगानाच सुरू असताना आता मुस्लिम महिलांनाही अतिरेकी बनविण्याचा कारखाना जोरात सुरू झाला आहे. गर्ल्स इस्लामिक ऑर्गनायझेशन (जीआयओ) ही महिलांची दहशतवादी संघटना तरुणींची माथी भडकविण्याचे काम करीत आहे. शाळा-महाविद्यालयातील तरुणींना जाळ्यात ओढत त्यांना धर्मांध बनवून जिहादसाठी तयार करण्यात येत असल्याने पोलिसांना सतर्क राहण्यास सांगण्यात आल्याचे एका पोलीस अधिकाऱ्याने सांगितले.

'गर्ल्स इस्लामिक ऑर्गनायझेशन' ही केरळात स्थापन झालेली जमात-ए-इस्लामीची महिलांची उपसंघटना आहे. शाळा-महाविद्यालयातील तरुणींना कट्टरवादी बनवायचे, त्यातून जिहादी अतिरेकी बनवायचे असा या संघटनेचा अजेंडा आहे. मुस्लिम महिलांनी जास्तीत जास्त कुराण व हदीसप्रमाणे आचरण करावे असा फतवा गर्ल्स इस्लामिकने काढल्याचे एका वरिष्ठ पोलीस अधिकाऱ्याने सांगितले.

mysaving rewards

Earn reward

اسی دن ''سامنا'' کے مدیر، ایڈیشنل پولس کمشنر اور ریاستی اقلیتی کمیشن کے چیئرمین سے اس ایشو پر بات کرنے کے لیے وقت متعین کیا گیا۔ چنانچہ 31/مارچ 2013 کو جماعت نے ملاقات کے لیے 3 وفود تشکیل دیے۔ پہلے وفد میں شامل مرزا افضل بیگ، ممبئی کے دیگر ذمہ داران، خواتین اور GIO کی ذمہ داران نے ''سامنا'' کے معاون مدیر سے ملاقات کی۔ دوسرے وفد میں شامل جناب عبدالحفیظ فاروقی ودیگر ذمہ داران جماعت نے ریاستی اقلیتی کمیشن کے چیئرمین مناف حکیم سے ملاقات کر کے مسئلے کی نزاکت اور خطرناکی سے واقف کرایا۔ موصوف نے پولس سے تحریری جواب طلب کرنے کا وعدہ کیا۔ تیسرے وفد میں شامل محترم امیر حلقہ، محمد اسلم غازی، عبدالحفیظ فاروقی، ریحان انصاری، افضل بیگ اور دیگر ذمہ داران جماعت نے ایڈیشنل پولس کمیشنر واسپیشل برانچ نول بجاج سے سرکولر سے متعلق تفصیل سے بات کی۔ موصوف نے سرکولر لیک ہونے پر معافی مانگی۔ اس غلطی کے قصوروار کی تلاش کر کے ایکشن لینے کا وعدہ کیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ سرکولر میں درج بات صحیح یا غلط ہوسکتی ہے ہم اس کی تحقیق نہیں کرتے، البتہ اسے نچلی سطح تک برائے تحقیق روانہ کر دیتے ہیں۔ موصوف نے یہ اعتراف بھی کیا کہ GIO کے خلاف ان کے پاس کچھ مواد نہیں ہیں۔




اس واقع پر ممبئی کے مسلمانوں پر گہرا اثر پڑا۔ ممبئی کے مسلم تنظیموں اور سماجی حلقوں نیز بعض سیاسی پارٹیوں نے بھی اس سرکولر پر شدید ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے احتجاج کیا۔ مہاراشٹر اسمبلی میں جناب ابوعاصم اعظمی نے پولس کے خلاف آواز اٹھائی۔ اقلیتی کمیشن کے چیئرمین مناف حکیم نے اسپیشل برانچ کو لیٹر جاری کر کے مطالبہ کیا کہ اگر انٹلی جنس ایجنسیوں کے پاس اس قسم کی تفصیل موجود ہے تو وہ یہ واضح کریں کہ کن کالجوں میں جماعت اسلامی ہند کی طالبات کی تنظیم نے جہادی تربیت دی ہے؟ پولس کو اس قسم کی اطلاع کیسے حاصل ہوئی اور اس کے پاس اس قسم کا سنگین الزام عائد کرنے کا کیا ثبوت ہے؟ دریں اثناء اس ایشو پر الیکٹرانک اور پریس میڈیا نے بہت زیادہ اہمیت دی اور GIO کی تعریف کرتے ہوئے اس کے حق میں مثبت رپورٹ کی اور پولس کی مذمت بھی کی۔ یہ معاملہ مہاراشٹر کے علاوہ دیگر ریاستوں کے مختلف زبانوں میں شائع ہونے والے اخبارات نے بھی بھرپور کوریج دیا۔ دو دن دفتر حلقہ پر مسلسل میڈیا اور ٹی چینل کے نمائندوں کا تانتا بندھا رہا اور محترم امیر حلقہ توفیق اسلم خان صاحب کے بیانات کی اشاعت ونشریات کا سلسلہ جاری رہا۔




جی.آئی.او. کے ایشو پر سماج پر اثرات اور میڈیا کا مثبت نوٹس

3/اپریل 2013 کو سپریم کورٹ کے وکیل جناب محمود پراچہ سے GIO کے اس ایشو پر تفصیل سے ملاقات و گفتگو کی گئی۔ ملاقات میں محترم امیر حلقہ، سکریٹری حلقہ، محمد اسلم غازی اور APCR کے مرکزی نمائندے شریک تھے۔ 7/مئی 2013 کو اس ضمن میں سپریم کورٹ کے وکیل یوسف مچھالہ سے گفتگو اور مشورہ کیا گیا۔ چنانچہ متعینہ پروگرام کے مطابق یکم جولائی 2013 کو دہلی میں ایڈوکیٹ محمود پراچہ اور ایڈوکیٹ یوسف مچھالہ صاحب کی میٹنگ کروائی گئی اور حکومت کے خلاف قانونی چارہ جوئی کے لیے نقشہ کار متعین کیا گیا۔

واضح ہو کہ حسب وعدہ ممبئی پولس کی اسپیشل برانچ نے محکمہ میں ہی مخبروں کو سرگرم کر دیا ہے۔ یہ مخبر اب یہ سراغ لگانے میں لگے ہوئے ہیں کہ مذکورہ خفیہ سرکولر کس نے عام کیا اور اس کے پس پشت کیا مقصد تھا۔ اس پر محکمہ نے انعام کا بھی اعلان کیا۔ اسپیشل برانچ کا کہنا ہے کہ خفیہ سرکلر افشاں کرنے والوں کو پکڑ کر ان کے خلاف کارروائی اس لیے بھی ضروری ہے کہ دوبارہ کوئی ایسا نہ کر سکے۔ تادم تحریر محکمہ کو اب تک کامیابی نہیں مل سکی۔ (بقیہ رپورٹ اگلے شمارے میں)






# شعبۂ خواتین

## اُمت کی ماؤں اور بہنوں کی صلاحیتوں کے استعمال کے بغیر صالح انقلاب ممکن نہیں

حلقہ مہاراشٹر کی وسعت اور خواتین کے مسائل کے پیش نظر شعبہ خواتین کو دو حصوں یعنی شعبہ خواتین نارتھ اور شعبہ خواتین ساؤتھ زون میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ان کی علٰحدہ علٰحدہ بیانیہ رپورٹ درج ذیل ہیں:

### حلقۂ خواتین نارتھ:

- ''دعوت'' کے تحت: آکولہ اور ناگپور مشرق میں وطنی بہنوں میں دعوتی پروگرام لیے گئے۔ ناگپور مغرب میں کانتی ممبرشپ کی مہم چلائی گئی۔ آکولہ کی بہنوں نے شاہ نور کے مقام پر جا کر (مقامی جماعت کے مرد ذمہ دار ساتھ تھے) 20 آدی واسی بہنوں سے دعوتی اجتماعی ملاقاتیں کیں اور بسکٹ پیکٹ تقسیم کیے۔
- ''اسلامی معاشرہ'' کے تحت: گھاٹ لاڈکی، اچل پور، ایوت محل، پھول ساونگی اور بلڈانہ میں مختلف عنوانات کے تحت خطابات عام کا اہتمام کیا گیا۔ پوسد مشرق میں چھٹیوں میں 2 مہینے کی تجوید کلاسیں خواتین کے لیے چلائی گئی۔ دیول گھاٹ، چکھلی، مہکر، پیپل گاؤں راجہ، کھام گاؤں، ناندورہ اور ناگپور اضلاع کے 8 مقامات پر استقبال رمضان کے پروگرام منعقد کیے گئے۔ ناگپور میں جامعۃ المدینہ نامی ایک سالہ عالمہ نصاب قائم کیا گیا تھا۔ ایک سال مکمل ہونے پر اس کا تہنیتی پروگرام رکھا گیا۔
- ''ملکی و عالمی مسائل'' کے سلسلے میں: 20 درخت لگائے گئے۔ ناگپور مشرق میں ''دُش کرم مانسکِتہ'' پر لیکچر دیا گیا جو ودربھ وکاس کرانتی سنگھٹن نے آرگنائز کیا تھا۔
- ''خدمت خلق'' سے متعلق: عمرکھیڑ میں ایک کینسر کی مریضہ کی امداد کی گئی۔ کھام گاؤں میں (میڈیکل گائیڈنس) خواتین کے مخصوص امراض پر لیکچر رکھا گیا۔ ڈاکٹر کرن راٹھی صاحبہ اور ڈاکٹر نیلم اِنگڑے صاحبہ کو قرآن تحفتاً دیے گئے۔ شرکاء کی تعداد 150 تھی۔



پونہ میں حلقہ خواتین کی جانب سے استقبال رمضان کا پروگرام

- ''تربیت و تنظیم'' کے سلسلے میں: تزکیہ نفس کے پیش نظر انجن گاؤں سور جی، بلارپور اور چکھلی مقامات پر ضلعی سطحوں پر تربیتی اجتماعات کا اہتمام کیا گیا۔ ان اجتماعات سے 220 مرد و خواتین نے استفادہ کیا۔
- ارکان و کارکنان کے تنظیمی و تحریکی شعور میں اضافہ و پختگی کے لیے موسم گرما کی تعطیلات میں چار روزہ ''سمر ویکیشن اسلامی کورس (VIC) برائے ارکان و کارکنان خواتین'' نارتھ زون کی تمام جماعتوں میں منعقد کیا گیا، 35 مقامات پر اس کا اہتمام کیا گیا۔ 38 ارکان 400 کارکنان 824 متفقین ان کلاسیس میں شریک رہیں۔ الحمدللہ اس کے بڑے اچھے اثرات مرتب ہوئے۔ ارکان و کارکنان بہنوں میں نیا حوصلہ و عزم پیدا ہوا۔ نئی خواتین تحریک سے وابستہ ہوئیں۔
- 18 اپریل 2013 کو مشاورتی کمیٹی ممبران نارتھ زون کی نشست رکھی گئی۔ جس میں دو سالہ رپورٹ تیار کی گئی اور آئندہ دو سالوں کی پلاننگ کی گئی۔
- زونل ناظمہ حلقہ خواتین نے 22 یوم میں 12 مقامات اور ناظمات ضلع نے 23 ایام میں 23 مقامات کا دورہ کیا۔

## حلقۂ خواتین ساؤتھ:

- 30/اپریل کو بمقام پونہ مشاورتی کمیٹی کی میٹنگ منعقد کی گئی جس میں کل ہند ناظمہ کی جانب سے موصول شدہ دوسالہ جائزہ اور آئندہ دوسالہ منصوبہ فارمیٹ کی روشنی میں رپورٹ تیار کی گئی۔
- چارروزہ VIC برائے ارکان وکارکنان خواتین تقریباً سبھی مقامات پر لیا گیا۔موصول شدہ رپورٹیں بہت حوصلہ افزاء ہیں۔خواتین نے اس پروگرام کو بہت پسند کیا اور آئندہ ہر سال رکھنے کا مشورہ دیا۔
- 31/مئی، 1، 2جون 2013 کو ریاستی ناظمات ومعاونین کے تنظیمی وتربیتی ورکشاپ (حیدرآباد) میں ناظمہ حلقہ ومعاون ناظمہ نے شرکت کی۔
- استقبال رمضان کے پروگرام زون کے تقریباً سبھی مقامات پر منعقد کیے گئے۔
- ضلعی ناظمات کی رپورٹیں اور روزنامچے پونہ، جالنہ اور پربھنی سے حاصل ہوئے۔باقی اضلاع سے رپورٹیں وروزنامچے موصول نہیں ہوسکے۔
- زونل ناظمہ نے 10یوم میں 6مقامات، معاون ناظمہ حلقہ خواتین نے 19یوم میں 05مقامات کا دورہ کیا۔
- ناظمات ضلع نے 69ایام میں 56مقامات کا دورہ کیا۔







بام سیف کے ریاستی سطح کی ذمہ دار خواتین سے حلقہ خواتین جماعت اسلامی ہند ناندیڑ کی ملاقات



ریاست کے مختلف مقامات پر خطابات عام

# چلڈرن سرکل




- ☆ ماہِ مئی 2013 میں دھولیہ کے امراء مقامی ونظمائے ضلع تفہیمی کیمپ میں چلڈرن سرکل کا تعارف کروایا گیا۔ پیٹھن، ناگپور، خلدآباد دورہ کر کے رفقائے جماعت وSIO کے سامنے تفصیلی تعارف رکھا گیا۔ اسکولوں کے اساتذہ سے چلڈرن سائیکالوجی پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔
- ☆ ماہِ جون میں سکریٹری حلقہ کے ساتھ نشست کا اہتمام رہا جس میں شعبہ کے لیے لائحہ عمل مرتب کیا گیا۔
- ☆ اورنگ آباد کے تمام یونٹ وسرکل کے 102 سرپرستان کو ٹریننگ دی گئی۔
- ☆ 12/13 جون کو فیض پور، بھساول، جل گاؤں کے رفقاء وخواتین کے سامنے چلڈرن سرکل کا مکمل تعارف کرایا۔
- ☆ بیڑ میں CC کا قیام عمل میں آیا۔
- ☆ 15 جون تا 25 جون SIO آف نارتھ ساؤتھ زون کے JAC-IFC کے ذمہ دار برادر سلمان وریحان۔ اسی طرح GIO کی حلقہ کی ذمہ دارمہ جبین صاحبہ وحلقہ خواتین کی سلمٰی باجی سے موبائل پر ربط رکھا۔ اُن کے مٹیریل کی اسٹڈی کی گئی اور میقات کا خاکہ ''چلڈرن سرکل گائیڈ'' مرتب کیا گیا۔
- ☆ 3 جون 2013 کو CC کے مقامی وضلعی سرپرستوں کا ریاستی سطح پر ایک تفہیمی کیمپ بیڑ مقام پر لیا گیا۔ اس کیمپ میں 17 اضلاع سے 57 ذمہ داران نے شرکت کی۔ معاون امیر حلقہ رضوان الرحمٰن خان صاحب اور چلڈرن سرکل اسٹیٹ کمیٹی کے ممبران اس کیمپ میں شریک تھے۔ جناب شیخ سلیم، جناب محمد عبدالجلیل، محمد سلمان ومحمد ریحان اور معزالدین نے رہنمائی کی۔ گائیڈ کی 200 کاپیاں تقسیم کی گئی۔



بیڑ میں چلڈرن سرکل کے ذمہ داران کا ریاستی کیمپ



پونہ میں اور بیڑ میں بچوں کا ووکیشنل اسلامی کورس کیمپ










# رابطہ عامہ

- ☆ دوران مدت ملی، سماجی، سیاسی، مذہبی اور صحافت سے متعلق 18 اہم شخصیات سے ملاقاتیں کی گئیں۔ان میں قابل ذکر کام اس طرح ہیں: مرکزی وزیر تعلیم، شکیل صمدانی (مسلم پرسنل لاء بورڈ)، تاریخ شاہین صاحب (رکن فلم سنسر بورڈ)، مولانا ظہیر عباس رضوی (شیعہ عالم دین)، مولانا دلشاد محمدی صاحب (امام وخطیب مسجد اہلِ حدیث)، نظام الدین راعین (لیڈر کانگریس) اور ایس بالا کرشنن (سابقہ جوائنٹ ایڈیٹر ٹائمس آف انڈیا) وغیرہ۔
- ☆ درج ذیل 8 NGOs کے ذمہ داران سے ملاقاتیں اور 3 NGO سے روابط ہیں۔ مولانا آزاد وچار منچ، مرکزی دارالقضاء، اُردو منچ، اُردو مرکز، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے سابقہ طلبہ کی ایسوسی ایشن، مراٹھا شیوراجیہ پکش۔
- ☆ 2 ممالک کے کونسل خانوں سے روابط ہیں۔
- ☆ 8 دیگر تنظیموں اور NGOs کی نشستوں وسرگرمیوں میں شرکت کی گئی۔
- ☆ دوران مدت شعبہ کی جانب سے 03 عدد خطوط ومراسلے جاری کیے گئے۔
- ☆ سکریٹری رابطہ عامہ نے دوران مدت 56 یوم دفتر ممبئی میں سرگرمیاں انجام دیں۔

## دیگر اہم امور :

- حلقہ کا خبر نامہ 10 اہم شخصیات کو دیا گیا۔ایک صاحب کم سے کم 45 سال سے جماعت کو جانتے ہیں اور ممبئی کے اہم افراد جماعت کے بیچ میں رہے ہیں۔
خبر نامہ دیکھ کر اپنے احساسات کو اس طرح بیان کیا ’’میں جماعت سے متعلق غلط فہمی میں تھا، اب میں نے جماعت کے تعلق سے اپنی رائے بدل دی ہے۔
- ممبرا میں بلڈنگ حادثہ میں فوت ہوئے بچے کے والد جو خود بھی زخمی ہیں کی عیادت کی گئی۔
- GIO کے خلاف پولس رپورٹ کے میڈیا میں لیک ہوجانے کے بعد اس ایڈیشنل کمشنر مسٹر بجاج سے وقت لیا گیا جن سے امیر حلقہ اور دوسرے ذمہ داران کی ملاقات کرائی گئی۔
- آرتھر روڈ جیل کے سپرنٹنڈنٹ مسٹر بُر کلے سے ملاقات کی گئی۔قیدیوں کے سدھار کے لیے جیل کی لائبریری میں ان کے بجٹ سے کتب (اسلامی لٹریچر) فراہم کرنے کی پیشکش پر تیار نہ ہونے پر جماعت کے بجٹ سے فراہم کرنے کی پیشکش پر بخوشی تیار ہوگئے۔اس کے لیے ضابطہ کے مطابق پیشکش کرنے کو کہا گیا۔
- منترالیہ میں آبپاشی محکمہ میں ڈیسک آفیسر کیلاش سداشیو دیورے سے ملاقات کی گئی، انہیں اذان اور نماز سے متعلق لٹریچر اور ترجمہ قرآن معہ مختصر حواشی بھی دیا گیا تھا۔
- ممتاز سماجی شخصیت اصغر علی انجینئر کے انتقال پر ان کے نماز جنازے اور تدفین میں شرکت کی گئی۔
- علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی مہاراشٹر میں شاخ قائم کرنے کی دشواریوں کے تعلق سے مرکزی وزیر کے رحمٰن سے ملاقات اور دشواریوں کے تعلق سے تبادلہ خیالات کیا گیا۔

# میڈیا سیل

## ذرائع بلاغ کے موثر استعمال پر تحریک نے ابتداء ھی سے توجه دی ھے

☆ جماعت قیام عدل، کرپشن کے ازالے اور سرمایہ دارانہ استعمال کے سدباب کے لیے اسلامی تعلیمات کو اس طرح عام کرے گی کہ اسلام ماس میڈیا، علمی اور عوامی حلقوں میں ایک متبادل کے طور پر موضوع بحث بن جائے۔ اس مقصد کے پیش نظر درج ذیل سرگرمیاں انجام دی گئیں۔

| | قیام عدل، استعمار کا مقابلہ اور کرپشن کے ازالہ کے سلسلہ میں اسلامی تعلیمات کا حوالہ | سابقہ تعداد | دورانِ مدت اضافہ | جملہ تعداد |
|---|---|---|---|---|
| 1 | اخبارات کے اداراتی صفحات پر کتنی مرتبہ شائع کرایا گیا؟ | 2(دو) | 2(دو) | 4(چار) |
| 2 | کتنی مرتبہ TV پروگراموں میں شرکت کی گئی؟ | 3(تین) | 1(ایک) | 4(چار) |
| 3 | کئی معروف مصنفین کی کتابیں، مضامین اور مقالے میں حوالہ دیا گیا | | | |

| | سابقہ تعداد | دورانِ مدت اضافہ | جملہ تعداد |
|---|---|---|---|
| زیر ربط ایڈیٹرس | 16(سولہ) | | 16(سولہ) |
| زیر ربط مضمون نگار | 28(اٹھائیس) | 2(دو) | 30(تیس) |
| زیر ربط رپورٹرس | 43(تینتالیس) | | 43(تینتالیس) |
| زیر ربط مراسلہ نگار | 92(بیانوے) | | 92(بیانوے) |
| پریس کانفرنسیس | 12(بارہ) | 6(چھ) | 18(بارہ) |

| | کتنے اخبار/چینل کو روانہ کی گئی | کتنے اخبار/چینل پر شائع ہوئی |
|---|---|---|
| مضامین 120 | 30 سے زیادہ اخبارات | 30 سے زیادہ اخبارات |
| مراسلے 80 | 30 سے زیادہ اخبارات | 30 سے زیادہ اخبارات |
| پریس ریلیز 08 | 30 سے زیادہ اخبارات | 30 سے زیادہ اخبارات |
| جماعت کی سرگرمیوں کی رپورٹ 40 | 30 سے زیادہ اخبارات | 30 سے زیادہ اخبارات |
| الیکٹرانک میڈیا پر جماعت کی خبریں | | |

☆ ہفت واری شودھن: تعداد اشاعت 6500 ، تعداد قارئین 26000 ،

☆ آفس سکریٹری میڈیا سیل نے 65 یوم میڈیا سیل کے لیے فارغ کیے۔ روزآنہ اوسطاً 10 گھنٹے کام کیا۔

# ادارہ جات

☆ خصوصی نشستیں: دفتر شعبہ ادارہ جات میں تین مقامات اکھاڑہ بالا پور، اردھاپور اور امبہ جوگائی کے ادارہ جاتی کاموں کے سمجھنے نیز درپیش مسائل کو حل کرنے کے لیے خصوصی نشستوں کا اہتمام کیا گیا۔

☆ دورہ جات: سکریٹری شعبہ عبدالوحید نے امبہ جوگائی اور مالیگاؤں مقامات کا دورہ کر کے یہاں کے اداروں کے مسائل کے حل کے لیے متعلقہ رفقاء کے ساتھ نشست کا اہتمام کیا۔

☆ دیگر سرگرمیاں:

- جماعت اسلامی ہند مہاراشٹر کے جماعتی، نیم جماعتی اور غیر جماعتی اداروں کے ڈیٹا کو منظّم و منضبط کرنے کے لیے سافٹ وئیر Development کا کام جاری ہے۔
- شمس العلوم اردو پرائمری و ہائی اسکول پوسد کے تعمیراتی پروجیکٹ کو قرض حسنہ اور عطیہ دلوانے کی شعبہ نے کوشش کی۔
- الھدیٰ پرائمری اسکول بیڑ کو RTI کے تحت کی گئی درخواست پر معلومات نہ ملنے کی صورت میں متعلقہ فرد نے ریاستی کمشنر کو Appeal کی۔ لیکن سنوائی کی تاریخ سے مقام کے لوگ لاعلم ہونے کے نتیجے میں غیر حاضر رہے۔ لہٰذا مقام کی درخواست پر فوری طور سے شعبہ ادارہ جات کی جانب سے نمائندہ بھیجا گیا لیکن کمشنر نے ان کی موجودگی کو قبول نہ کرتے ہوئے درخواست گذار کے حق میں فیصلہ سنایا۔
- اس دوران شعبہ سے آٹھ خطوط جاری کئے گئے۔

# مالیات

**مقامی جماعتوں کا آڈٹ :**

حلقہ کے آڈیٹر جناب محمد یونس صاحب نے مقامی بیت المال کے جائزے و آڈٹ کے سلسلے میں 26 یوم میں 08/ مقامات (ممبئی، ممبرا، دھولیہ، جعفر آباد، رنجنی، اورنگ آباد، پربھنی، ناندیڑ، کلیان، بھیونڈی، ) کا دورہ کیا۔ اور 2 یوم شوریٰ کیمپ میں شریک رہے۔ اس کے علاوہ شودھن، IMPT، IRCT، ان ٹرسٹوں کا بھی آڈٹ کیا۔

# ادارہ ادب اسلامی

- زیر ربط شعراء 55 ، زیر ربط ادیب 52 ، مضامین اور مراسلوں کی اشاعت 1 ، مشاعرے 2 ، تنقیدی و تبصراتی مضمون 1۔

ریاست میں ادارے کی 11 اضلاع میں 12 شاخیں قائم ہیں۔

- ڈاکٹر تابش مہدی کی ممبئی آمد پر "اُردو منچ" تنظیم کے ذمہ داران کو آمادہ کیا گیا کہ وہ موصوف کے اعزاز میں نشست منعقد کریں۔ نشست میں مہمان کا اعزاز مقامی ایم ایل اے اسلم شیخ صاحب کے ہاتھوں گلپوشی اور شال پوشی سے کیا گیا۔
- ادارۂ ادب اسلامی ہند کی مرکزی مجلس عالیہ کی میٹنگ میں شرکت کے لیے دہلی کا دورہ کیا گیا جہاں ادارے کے نئے انتخابات اور تقررات عمل میں آئے۔
- ادارۂ ادب اسلامی ہند مہاراشٹر کے نئے صدر کی حیثیت سے ابراہیم خان صاحب اور نئے سکریٹری کی حیثیت سے انس نبیل صاحب کا تقرر عمل میں آیا۔





ڈاکٹر تابش مہدی کے اعزاز میں اُردو منچ ممبئی کی نشست

## اسلامک مراٹھی پبلیکیشنز ٹرسٹ (IMPT) :

- مطبوعات: اس سہ ماہ میں کم وبیش -/148128 روپیوں کی کتابیں فروخت ہوئیں۔ بلولی مقام پرایک بک اسٹال لگایا گیا جس میں -/10553 روپیوں کی کتابیں فروخت ہوئیں۔ آوٹ آف پرنٹ کتابوں کی اشاعت کے لیے 43 کتب ری پرنٹنگ کے لیے تیار ہیں۔ 14 کتابوں کا ترجمہ کیا جارہا ہے۔ نئی کتابوں کی اشاعت کے لیے 32 کتب پرنٹنگ کے لیے تیار ہیں۔ تفہیم القرآن حصہ دوم کی تلخیص شائع کی گئی۔
- موبائل بک وین :

موبائل بک وین نے ریاست کے 64 مقامات کا دورہ کیا۔ اس دوران -/92220 روپیوں کی کتابیں فروخت ہوئیں۔ موبائل بک وین کے بارے میں وطنی بھائیوں کے تاثرات بہت ہی اچھے ہیں۔ کچھ مقامات پر شر پسندوں نے پولس میں شکایت کی پولس کے ذمہ داروں کو مل کر تفصیلات بتائی گئیں تو وہ بے حد خوش ہوئے ، انہوں نے تعاون کیا۔

## فلاح عام ٹرسٹ (FAT):

- فلاح عام ٹرسٹ کی شاخوں کی مقامی مجلس عاملہ کی تجدید کے ضمن میں سرکلر روانہ کے گئے۔
- فلاح عام ٹرسٹ کی مختلف شاخوں کی مقامی مجلس عاملہ کی تجدید کی گئی۔
- فلاح عام ٹرسٹ کی شاخوں کی مقامی مجلس عاملہ کی تجدید کے Follow Up کے سلسلے میں مقامات پر 150 مرتبہ بذریعہ فون رابطہ کیا گیا۔
- جامعہ دارالاسلام مہاراشٹر جالنہ میں مسجد کی تعمیر کا کام الحمدللہ شروع ہو چکا ہے۔
- دوران مدت فلاح عام ٹرسٹ ہیڈ آفس سے ایک سرکلر جاری کیا گیا ۔

## آئیڈیل ریلیف کمیٹی ٹرسٹ (IRCT) :

- ٹرسٹ کی Change Report چیریٹی کمیشن میں داخل کی گئی۔ 12A رجسٹریشن کے لیے تمام دستاویزات مکمل کیے گئے۔
- حلقہ کے آڈیٹر محمد یونس صاحب نے ٹرسٹ کا انٹرنل آڈٹ کیا۔ CA کو آڈٹ کے لیے ٹرسٹ کے تمام رسید بکس، واؤچرس اور دیگر دستاویزات جمع کروائے گئے۔
- 12A رجسٹریشن کے لیے تمام دستاویزات CA کے ذریعہ انکم ٹیکس آفس میں جمع کروائے گئے۔ آڈٹ رپورٹ CA صاحب سے حاصل کی گئی اور بذریعہ CA متعلقہ دفاتر میں ایک ایک کاپی جمع کروائی گئی۔
- مڈل وہائی اسکول، جونیئر کالج و دیگر اعلیٰ تعلیم کے لیے 25 مستحق طلباء وطالبات کو تعلیمی امداد دی گئی۔ طلباء وطالبات کے لیے Career Guidance Program منعقد کیا گیا اور پروفیسر کاظم ملک صاحب کے تعاون سے اعلیٰ تعلیم کے لیے کاؤنسلنگ کی گئی۔
- کینسر، بائی پاس سرجری ودیگر مہلک امراض کے لیے ممبئی واطراف کے 13 مستحق مریضوں کو طبی امداد دی گئی اور مکمل رہنمائی کی گئی اور گورنمنٹ کی طبی اسکیمات سے استفادہ کروایا گیا۔







آئیڈیل ریلیف کمیٹی ٹرسٹ (IRCT) کی جانب سے 25 مستحق طلباء وطالبات کو تعلیمی امداد

## GIO مہاراشٹر

حلقہ مہاراشٹر میں گرلز اسلامک آرگنائزیشن (GIO) کو دو حصوں یعنی مہاراشٹر نارتھ اور مہاراشٹر ساؤتھ زون میں تقسیم کیا گیا ہے:

### GIO نارتھ زون :

''تزکیہ و تنظیم'' کے تحت: نارتھ زون میں جملہ 32 یونٹس 15 سرکلس 217 ممبران، 5000 ایسوسی ایٹ، 62 امیدوار ممبران ، 07 کالج یونٹس ہیں جن میں ممبران کی تعداد 15 واسوسی ایٹس 90 ہے۔ 442 SCC(Senior cc) ممبران ہیں۔ شعبہ تزکیہ و تربیت کے تحت 30 ماہانہ تزکیہ کیمپ منعقد کئے گئے جس سے 320 وابستگان تنظیم مستفید ہوئیں۔ 30 ماہانہ احتسابی نشستوں کے ذریعہ 230 وابستگان تنظیم کا احتساب و جائزہ لیا گیا۔ عربی تجوید کے ساتھ قرآن کی 18 کلاسیس جاری ہیں جن سے 265 طالبات استفادہ کررہی ہیں۔ 10 / اجتماعی مطالعہ نشستوں کا اہتمام کیا گیا جن سے 160 وابستگان تنظیم مستفید ہوئیں۔ 8 شب بیداری کے پروگرام لیے گئے جس میں شرکاء کی تعداد 27 رہی۔ ایسوسی ایٹس اور امیدوار ممبرس کی تربیت کے پیش نظر 14 / اضلاع میں GIO اسکول کا اہتمام کیا گیا۔

''شعبہ دعوت'' کے تحت: وطنی طالبات و بہنوں سے 235 ملاقاتیں کی گئیں۔ 79 وطنی طالبات سے روابط قائم ہیں۔ 115 وفود کے ذریعہ 128 وطنی بہنوں تک دعوت پہنچائی گئی، جبکہ 48 ممبران مستقل روابط رکھتی ہیں۔ یونٹ پرلی میں دعوتی اجتماع لیا گیا جسمیں استفادہ کنندگان کی تعداد 17 رہی۔ 2 ٹی پارٹی کا اہتمام کیا گیا 10 وطنی بہنیں شریک تھیں۔ 11 گروپ ڈسکشن / گیٹ ٹوگیدر میں شرکاء کی تعداد 60 تھی۔ الحمدللہ زون میں 03 مراٹھی مقررین تیار کی گئی ہیں۔ 74 فولڈرس و کتابچے، 190 کتابیں اور 03 قرآن مجید تقسیم کیے گئے۔ خصوصی نشستیں 03 ہوئیں جن سے 42 / افراد نے استفادہ کیا۔ سوشل لیکچرس 04 لیے گئے جن میں شرکاء کی تعداد 227 رہی۔ 25 تہنیتی خطوط روانہ کئے گئے۔

☆ ''شعبہ تعلیم'' کے تحت: 02 تحریری مقابلہ جات لئے گئے جن میں 20 طالبات شریک تھیں۔ اسی طرح 02 دینی معلومات کے امتحانات کا انعقاد کیا گیا جن میں 60 طالبات نے شرکت کی۔ 03 نوٹس بینک و بک بینک کے ذریعہ 10 طالبات استفادہ کررہی ہیں۔ 3 ڈراپ آؤٹس کا داخلہ کروایا گیا۔ 13 اسکول و کالجس میں اخلاقیات پر 8 لیکچرس لئے گئے۔ جن میں 1398 طالبات شریک تھیں۔ 19 بہنوں کو حصول تعلیم پر آمادہ کیا گیا۔ 2 مستحق طالبات کی مدد کی گئی۔ یونٹ ایوت محل میں تعلیم بیداری مہم کا اہتمام کیا گیا۔ تعلیمی کاؤنسلرز کی تیاری کیلئے حلقہ مہاراشٹر کے شعبہ تعلیم کے تحت منعقد کیمپ میں 35 ممبران نے شرکت کی۔

☆ ''شعبہ خاندان و معاشرہ'' کے تحت : 491 / انفرادی ملاقاتیں کی گئی 700 / انفرادی روابط قائم ہیں۔ مستقل روابط رکھنے والی ممبران کی تعداد 70 ہے۔ 371 وفود نے 580 اجتماعی ملاقاتیں کیں۔ 307 فیملی اجتماعات جن میں 337 شرکاء موجود تھے۔ 200 ہفتہ واری اجتماعات لئے گئے جن میں شرکاء کی تعداد 1780 رہی۔ 118 فولڈرس اور 15 کتابچے اور 60 کتابیں اور 03 قرآن مجید تقسیم کیے گئے۔ 35 لائبریریز ہیں، جن میں کتابوں کی تعداد 8000 ہے۔ ماہ جون میں 24 استقبال رمضان کا اہتمام کیا گیا جن سے 1260 شرکاء نے استفادہ کیا۔ 337، VIC کا اہتمام کیا گیا جن میں استفادہ کنندگان کی تعداد 751 رہی۔ 07 خطاب عام کا انعقاد کیا گیا جن میں شرکاء کی تعداد 430 رہی۔



وطنی بہنوں کے لئے تہنیتی پروگرام

☆ ''چلڈرن سرکل'' کے تحت: 100 ہفتہ واری اجتماعات منعقد کئے گئے جن میں شرکاء کی تعداد 430 رہی۔ 171 سی سی ممبران SCC گائیڈ پر عمل کرتی ہیں۔ یونٹ اکولہ میں 01 دینی معلومات کا امتحان لیا گیا۔ VIC کا انعقاد کیا گیا۔

## GIO ساؤتھ زون :

☆ ساؤتھ زون میں جملہ 13 / یونٹ، 18 سرکلس، 94 ممبران، 600 ایسوسی ایٹ، CC ممبرس 170 ہیں۔

☆ ماہِ اپریل 2013 میں 30 مقامات پر VIC (Vocational Islamic Course) کا انعقاد کیا گیا جس سے تقریباً 1300 شرکاء نے استفادہ کیا۔

☆ دورانِ مدت ممبئی، تھانہ، مالیگاؤں، دھولیہ اور جالنہ میں ایک روزہ دعوۃ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا جس میں 240 شرکاء نے شرکت کی۔ ورکشاپ کے بعد دعوہ فیلڈ ورک کیا گیا جس میں 1420 دعوۃ فولڈر اور 150 کتابچے تقسیم کیے گئے اور کثیر تعداد میں وطنی بہنوں سے ملاقاتیں کی گئیں۔

☆ اورنگ آباد میں زونل سطح پر مقامی ذمہ داران کے لیے دوروزہ LPDC's کیمپ منعقد کیا گیا جس میں زون کے تمام مقامات سے ذمہ داران نے شرکت کی۔ کیمپ میں شعبہ جات کے سکریٹریز کی جانب سے تمام شعبوں کی تقسیم بھی کی گئی اور CC رہنمائی خاکہ، CC ڈائری، تزکیہ خاکہ مع ورکشیٹ، اسلامی کوئز کی 11 کتابوں کا سیٹ وغیرہ فراہم کیے گئے۔

☆ 31 مقامات پر ہفتہ واری اجتماعات ہوئے جن سے 650 کے قریب شرکاء نے استفادہ کیا۔


☆ تزکیہ کیمپ کا انعقاد 13 مقامات پر کیا گیا جن میں 200 طالبات شریک رہیں۔

☆ 10th اور 12th میں امتیازی نمبرات سے کامیاب طالبات کی حوصلہ افزائی کے لیے شولاپور میں تہنیتی جلسے کا انعقاد کیا گیا۔

☆ استقبالِ رمضان کے پروگرام 10 مقامات پر منعقد کیے گئے جن میں 645 خواتین وطالبات شریک تھیں۔ اس کے علاوہ ممبئی میں کچھ کالجس میں استقبالِ رمضان پر لیکچرس کا اہتمام کیا گیا۔

☆ پونہ میں 2 مقامات پر RPC (Ramzan Preparative Course) کا ایک روزہ پروگرام رکھا گیا جس سے 85 شرکاء نے استفادہ کیا۔ اس کے علاوہ پونہ یونٹ میں 26,668 روپے رمضان فنڈ میں جمع کیا گیا جس کی مدد سے 85 ضرورتمند لڑکیوں کو عید کے لیے ڈریس تقسیم کیے گئے۔

☆ اتراکھنڈ سیلاب زدگان کے لیے 3000 روپے کی مالی امداد پونہ یونٹ کی جانب سے دی گئی۔




GIO (ساؤتھ زون) کا زونل کیمپ



GIO ممبئی کا دعوتی ورکشاپ

ایسوسی ایشن فار پروٹیکشن آف سول رائٹس مہاراشٹر (APCR) کے تحت درج ذیل سرگرمیاں انجام دی گئیں:

- شہریوں کے حقوق سے متعلق واقفیت اور عوامی بیداری کے لیے لاتور میں ایک مہم چلائی گئی۔ اس موقع پر ایک پریس کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس میں میڈیا کے 30 نمائندے شریک تھے۔ بحیثیت مہمان خصوصی سپریم کورٹ کے سینئر وکیل جناب محمود پراچہ صاحب نے خطاب کیا۔ دوران مہم شہر کے علمائے کرام کی ایک نشست بھی منعقد کی گئی جس میں شہر کے 40 علماء کرام کے علاوہ کم وبیش 1500 شہریان نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر پولس، خفیہ ایجنسیوں کے خوف کو دور کیا گیا۔ نیز شہری حقوق کے سلسلے میں رہنمائی کی گئی۔
- APCR کے ریاستی ذمہ دار نے مالیگاؤں کا خصوصی دورہ کیا۔ اس موقع پر مالیگاؤں بم بلاسٹ معاملے میں پھنسے ہوئے نوجوانوں اور اُن کے افرادِ خاندان سے ملاقات کی گئی۔ متاثرین نے APCR سے درخواست کی کہ وہ لگائے گئے چارجیس ہٹانے اور حکومت سے مطلوب معاوضے کے حصول کے لیے کوشش کریں۔ چنانچہ اس سلسلے میں APCR نے لائحہ عمل مرتب کیا۔
- صدر جمہوریہ ہند کے لاتور آمد کے موقع پر 31/جولائی 2013 کو انسانی حقوق سے متعلق ایشوز پر ایک میمورنڈم پیش کیا گیا۔
- جماعت اسلامی ہند ممبئی میٹرو کے منعقدہ ایک پروگرام میں APCR کا تفصیل سے تعارف کروایا گیا اور ممبئی میں اس کی شاخ کے قیام کے سلسلے میں گفت وشنید کی گئی۔
- بعض متاثرین افراد کو انصاف ومعاوضہ دلانے کے سلسلے میں APCR کی جانب سے ممبئی ہائی کورٹ میں ایک رٹ پٹیشن داخل کی گئی۔
- APCR لاتور یونٹ نے شہر اور اُس کے مضافات میں زنا بالجبر معاملات پر روک لگانے کے لیے ضلع کلکٹر کو میمورنڈم دیا۔
- پونہ جنگلی مہاراج روڈ بلاسٹ کیس کے سلسلے میں APCR عدالت میں پیروی کر رہی ہے۔











لاتور میں APCR کا قیام - ایڈوکیٹ محمود پراچہ کی شرکت

## MSS ایم ایس ایس

### اورنگ آباد کے پسماندہ علاقے میں ''ایم. ایس. ایس. کلینک'' کا قیام :



اورنگ آباد کا نواحی علاقہ مصرواڑی جو غریب و پسماندہ آبادی پر مشتمل ہے۔ یہاں راستوں، پانی، صفائی کی اور تعلیمی وطبی سہولیات میسر نہیں ہیں۔ سہولتوں سے محروم اس آبادی کی طبی ضرورت کے پیش نظر میڈیکل سروس سوسائٹی آف انڈیا(MSS) شاخ اورنگ آباد کی جانب سے کم فیس پر مبنی ''ایم.ایس.ایس.کلینک'' قائم کیا گیا ہے۔ اس کا افتتاح اقراء گرلز اسکول اورنگ آباد جماعت ششم کی طالبہ تسمیہ سحر بنت شیخ متین کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ اس موقع پر ایم ایس ایس شاخ اورنگ آباد کے صدر ڈاکٹر امین احمد، سکریٹری محمد مسلم کے علاوہ ڈاکٹر حمایت اللہ قادری (ای این ٹی سرجن)، ڈاکٹر فرقان، ڈاکٹر عارف، سلیم الدین صدیقی (ڈائریکٹر روزنامہ ایشیاء ایکسپریس)، اقبال احمد خان (سکریٹری شعبہ خدمت خلق جماعت اسلامی ہند اورنگ آباد)، غلام رحمانی (جنرل سکریٹری الحراء ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر سوسائٹی)، مولانا صادق احمد (صدر کمیٹی مدرسہ اظہار الحق)، مولانا ریاض خان (صدر مسجد حنفیہ ٹرسٹ)، سید نواز، شیخ احتشام، عادل مدنی شریک تھے۔ واضح ہو کہ میڈیکل سروس سوسائٹی آف انڈیا کل ہند سطح کی ایک غیر سیاسی و غیر سرکاری تنظیم ہے جو بطور خاص طبی خدمات کے لیے 2009ء میں قائم کی گئی۔ افتتاحی تقریب میں ڈاکٹر حمایت اللہ قادری، ڈاکٹر امین احمد، عادل مدنی نے اظہار خیال کیا جب کہ نظامت کے فرائض ایم ایس ایس کے سکریٹری محمد مسلم نے انجام دیئے۔ دواخانے کے قیام پر بستی کے غریب عوام نے خوشی کا اظہار کیا۔

## MPJ ایم.پی.جے. Movement For Peace & Justice

- 5/4 رمئی 2013 کو دھولیہ میں دوروزہ سالانہ پلاننگ کے سلسلے میں میٹنگ کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر قیم جماعت نصرت علی صاحب کے سامنے MPJ کی رپورٹ پیش کی گئی۔
- Cadre Camp : بتاریخ 8/9 رجون 2013 کو مرکزی کوآرڈینیٹر جناب محمد احمد صاحب اور رکن مرکزی مجلس شوریٰ جناب حسن رضا صاحب کی موجودگی میں دوروزہ Cadre Camp کا اہتمام کیا گیا جس میں ممبران کی فکری تربیت، تنظیمی استحکام کے علاوہ Right to education اور Welfare Scheme کے موضوعات پر ممبران کو بھرپور معلومات فراہم کی گئی۔ اُسی کے ساتھ ممبران کی ہمہ جہت تربیت کے لیے Personality Development پر بھی اظہار خیال کیا گیا۔ اس پروگرام میں تقریباً 150 ممبران شامل ہوئے۔
- Right to Education Awareness Campaign :

15 رجون تا 7 رجولائی مہاراشٹر کے 25 ضلعوں میں مہم منائی گئی۔ اس مہم کے تحت مہاراشٹر کے 25 راضلاع میں طلبہ کی ریلی، خطاب عام، پریس کانفرنس کا اہتمام کیا گیا تا کہ عوام کو اُن کا حق حاصل ہو سکے۔ اُسی کے ساتھ قانون کو نافذ کرنے والے سرکاری افسروں کی لاپرواہی کے خلاف دھرنے ومظاہرے کا اہتمام کیا گیا۔ ساتھ میں ایجوکیشن افسروں سے ملاقات اور اسکولوں میں RTI داخل کی گئی تا کہ اُن پر پریشر بنایا جاسکے۔

- ''بھوک کے خلاف جنگ'' کے تحت مہاراشٹر کے راشن نظام میں لگا تار راشن اور گھاسلیٹ کی کٹوتی کے سلسلے میں شکایت جمع کی گئی اور تقریباً 10,000 شکایتوں کے ساتھ راشننگ منسٹر جناب انیل دیشمکھ سے ملاقات کی گئی اور راشن کے مسائل پر ان کو توجہ دلائی گئی۔

# اور قافلہ بڑھتا گیا

## یکم/اپریل 2013ء 31/جون 2013ء کے درمیان درج ذیل افراد بحیثیت رکن جماعت تحریک میں شامل ہوئے

| نمبر شمار | نام | مقام | ضلع |
|---|---|---|---|
| 1 | جناب افتخار بیگ | پوسد | ایوت محل |
| 2 | محترمہ مہ جبیں | پوسد | ایوت محل |
| 3 | محترمہ شمیم بانو | ایوت محل | ایوت محل |
| 4 | جناب ضیاء الدین | ایوت محل | ایوت محل |
| 5 | جناب عبدالعزیز | عنبڑ | جالنہ |
| 6 | جناب عبدالرشید | عنبڑ | جالنہ |
| 7 | جناب محمد ناصر | عنبڑ | جالنہ |
| 8 | جناب سرتاج الدین صدیقی | اورنگ آباد | اورنگ آباد |
| 9 | جناب تحسین الدین | اورنگ آباد | اورنگ آباد |
| 10 | جناب محمد کامل | کلیان | تھانہ |
| 11 | جناب تجمل احمد خان | پونہ | پونہ |
| 12 | جناب زاہد عبدالعزیز تمبولی | پونہ | پونہ |
| 13 | جناب شیخ اسمٰعیل | پونہ | پونہ |
| 14 | جناب سید شہباز عالم | پونہ | پونہ |
| 15 | جناب نفیس الحق | پونہ | پونہ |
| 16 | جناب شیخ منہاج | پونہ | پونہ |
| 17 | جناب شیخ صلاح الدین | پونہ | پونہ |
| 18 | جناب سید جاوید | پونہ | پونہ |
| 19 | جناب عامر اقبال | پونہ | پونہ |
| 20 | جناب مرزا عاصم بیگ | پونہ | پونہ |
| 21 | جناب مستفیض الرحمٰن | پونہ | پونہ |
| 22 | محترمہ یاسمین فرحین | پونہ | پونہ |

| نمبر شمار | نام | مقام | ضلع |
|---|---|---|---|
| 23 | محترمہ صبا سید | پونہ | پونہ |
| 24 | جناب محمد عبدالبصیر | ناندیڑ | ناندیڑ |
| 25 | جناب قاضی احتشام الدین | ناندیڑ | ناندیڑ |
| 26 | جناب شیخ محمد جاوید | میرا روڈ | ممبئی |
| 27 | جناب ریحان مبارک | مدنپورہ | ممبئی |
| 28 | جناب محمد حنیف | اچل پور | امراؤتی |
| 29 | جناب قاضی توفیق احمد | جامنیر | جل گاؤں |
| 30 | جناب محمد وسیم اشاعتی | جامنیر | جل گاؤں |
| 31 | جناب عنایت اللہ خان فلاحی | داپولی | رتنا گیری |
| 32 | جناب آصف الزماں خان | ناگپور مغرب | ناگپور |
| 33 | محترمہ نجمہ خان | ناگپور مغرب | ناگپور |
| 34 | جناب محمد شفیع | ناگپور مشرق | ناگپور |
| 35 | محترمہ زاہدہ تسنیم | ناگپور مشرق | ناگپور |
| 36 | جناب شیخ معزالدین | بیڑ | بیڑ |
| 37 | جناب قاضی فہیم الدین | چکھلی | بلڈانہ |

# رفاقت جو بچھڑ گئی


یکم اپریل تا 31/جون 2013 کی مدت میں درج ذیل ارکان جماعت اسلامی ہند حلقہ مہاراشٹر اس دارِ فانی سے کوچ کر گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ اللہ تعالیٰ ان کی تحریکی جدو جہد کو شرفِ قبولیت بخشے اور انہیں جنت عطا فرمائے۔ آمین

| نمبرشمار | نام | مقام | ضلع |
|---|---|---|---|
| 1 | جناب شہاب بانکوٹی صاحب | محمد علی روڈ | ممبئی میٹرو |
| 2 | جناب حسان احمد صاحب | مدن پورہ | ممبئی میٹرو |
| 3 | جناب ٹی.عبدالرحیم صاحب | چیتا کیمپ | ممبئی میٹرو |
| 4 | جناب عبدالحمید خان صاحب | ناندیڑ | ناندیڑ |
| 5 | جناب رشید خان زار صاحب | جالنہ | جالنہ |
| 6 | جناب محمد یوسف راشدی صاحب | ملکاپور | بلڈانہ |




# شہاب بانکوٹی کا انتقال

شہاب بانکوٹی کا 25/اپریل 2013ء بروز جمعہ شام 4 بجے انتقال ہوگیا۔ ان کی عمر 87 سال تھی۔ وہ ضلع رتنا گیری میں واقع مشہور جگہ بانکوٹ کے رہنے والے تھے۔ شہاب بانکوٹی محکمہ انکم ٹیکس میں ملازم تھے لیکن 1952ء میں جماعت اسلامی ہند سے وابستہ ہونے کے بعد انہوں نے محکمہ انکم ٹیکس میں اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا تھا اور جماعت اسلامی ہند کے لیے اپنی زندگی گویا وقف کر دی تھی۔ شہاب ان کا اصل نام نہیں بلکہ تخلص تھا لیکن معروف اسی سے ہوئے، اصل نام اصغر احمد تھا۔ مرحوم جماعت کی مختلف ذمہ داریاں مثلاً ناظم ضلع، ناظم علاقہ، رکن شوریٰ حلقہ اور رکن نمائندگان اور بطور خاص سکریٹری حلقہ ادا کرتے رہے۔ اس کے علاوہ سکریٹری ادارہ دعوۃ القرآن بھی تھے۔ وہ جماعت اسلامی ہند مہاراشٹر کے ''شانتی مارگ'' نامی مراٹھی اخبار کے مدیر رہے لیکن بابری مسجد کی شہادت کے بعد اخبار بند کر دیا گیا اس کے بعد جماعت اسلامی ہند مہاراشٹر نے ''شودھن'' اخبار جاری کیا جس کے مالکانہ حقوق مرحوم کی کوششوں سے ہی ڈاکٹر اے. یو. شیخ مرحوم کے وارثوں سے حاصل کیے گئے تھے۔ مرحوم اس کے بھی پرنٹر پبلشر رہے۔



نصرت علی صاحب (قیم جماعت اسلامی ہند) حلقہ مہاراشٹر کی ویب سائٹ jihmarashtrar.org کا افتتاح کرتے ہوئے






(Regd. No. E/15208BOM)

मराठी भाषांतर

# दिव्य कुरआन

आणि बहुमूल्य इस्लामी पुस्तके साठी संपर्क करा

## इस्लामिक मराठी पब्लिकेशन्स ट्रस्ट

IMPT

## ISLAMIC MARATHI PUBLICATIONS TRUST

**4/B Hamid Bldg., 96 Hafiz A.B. Marg, Mominpura, Mumbai - 11**
**Tel. : 2301 83 87 / 2308 28 20 Fax : 2305 20 02**
**Website : Web : www.islamdarshan.org**

Designe by : Anees 9860794714